

# ٹھیکیدار پیشہ ورانہ صحت اور حفاظت

## (COHS)

## ہینڈ بک گائیڈ لائنز

Edition 2023 Version 0

ptcl | ufone 4G

# Table Of Content


2.0 ذمہ داری سے انکار / ڈس کلیمر / اعلان دستبرداری 01

3.0 مقصد 01

4.0 تعارف 02

5.0 عریف 03

5.1 خطرہ 03
5.2 خدشات / خطرہ 03
5.3 خطرے کی جانچ 03
5.4 محفوظ / حفاظت 03
5.5 کام کی جگہ پر صحت کی خرابیاں 03
5.6 بال بال بچنا 03
5.7 واقعہ 03
5.8 نقصان 03
5.9 چوٹ لگنا / زخمی ہونا 03
5.10 جانی نقصان / فوتیدگی / مرگ ناگہانی 03
5.11 دائمی معذوری 03
5.12 وہ دن جب عملہ یا کوئی کارکن تفویض کردہ کام نہ کرے 03
5.13 محدودکام کیسمحدود کام کا معاملہ 04
5.14 طبی علاج کا معاملہ 04
5.15 ابتدائی طبی امداد کے کیس 04
5.16 صحت کی خرابی 04
5.17 ہونا چاہیے 04
5.18 لازمی ہونا چاہیے 04
5.19 ٹھیکیدار 04
5.20 پراجیکٹ انجنیئر / مینیجر 04
5.21 ٹھیکیدار کا ملازم / ملازم 04
5.22 اہل شخص 04
5.23 حفاظتی اقدامات کا نگران /آفیسر 04
5.24 الیکٹریکل سپروائزر 04
5.25 آلات 05
5.26 اوزار 05
5.27 پراجیکٹ 05
5.28 کام کی جگہ /سائیٹ 05
5.29 موبائل ٹرانسپورٹ سیڑھی (ایم ایل ٹی) کی پوزیشن 05
5.30 رکاوٹیں 05
5.31 تباہ شدہ کھمبا /ٹاور 05




# Table Of Content


6.0 عمومی رہنما اصول / گائیڈ لائنز 05

7.0 ٹھیکیدار کی ذمہ داریاں 05

7.1 کھمبے اور تعمیری ڈھانچہ 08
7.1.1 طبعی طریقہ / ظاہری طریقہ جسمانی طریقہ 08

8.0 حفاظتی کردار اور ذمہ داریاں 08

8.1 ٹھیکیدار 08 - 09
8.2 ٹھیکیدار کا پراجیکٹ انجنیئر / مینیجر 10
8.3 سیفٹی آفیسر 10
8.4 ٹھیکیدار کا سائیٹ سپروائزر 10
8.5 ٹھیکیدار کا لائن مین / ہوا (فضا)میں فائبر بچھانا 11
8.6 ٹھیکیدار کا کرین آپریٹر 11
8.7 ٹھیکیدار کا رگر 11
8.8 ٹھیکیدار کا کیبل جوائنٹر(تاریں جوڑنے والا) 11
8.9 ٹھیکدار کا ہیلپر (معاون / مددگار) 11

9.0 منصوبے کی حفاظتی منصوبہ بندی 12

9.1 خطرے کی جانچ 12
9.2 کنٹرول کی درجہ بندی 13
9.3 جان بچانے کے اصول 13
9.3.1 اونچائی پر کام 13
9.3.2 موبائل فون کے استعمال سے اجتناب 14
9.3.3 گرتی اشیاء کو بچانا 14
9.3.4 خطرہ شروع ہونے کا مقام 14
9.3.5 آئیسولیشن (الگ کرنا) اورذاتی حفاظتی سامان (پی پی ایز) 15
9.3.6 سیفٹی (حفاظتی) بیلٹس کا استعمال 15
9.4 انتباہی نشانات اور وارننگ 16
9.5 ٹول بکس ٹاک 16
9.5.1 مرحلہ 1 : (لوگوں کو جمع کرنا) 16
9.5.2 مرحلہ 2 : (لوگوں کو صورت حال سمجھانا) 16
9.5.3 مرحلہ 3 : (لوگوں کو شامل کرنا 16
9.5.4 مرحلہ 4 : (جانچ اور درستگی کے اقدامات)
9.6 تحفظ کے معاملات کا حل

# Table Of Content


- 9.7 کام کو روک دینا — 16
- **10.0 ٹرانسپورٹ سیفٹی مینجمنٹ — 17**
- 10.1 سائیٹ (کام کی جگہ) پر — 18
- 10.2 بھاری سامان (کیبل ڈرمز اور پی ٹی سی ایل کے کھمبے) پورٹیبل جنریٹرز) کو چڑھانے، اتارنے اور نقل و حمل — 18
- **11.0 سیفٹی ٹریننگ — 18**
- 11.1 عملے کی رہنمائی — 18
- 11.2 کام میں شامل ہونے کے بعد کی لازمی سیفٹی ٹریننگز — 19
- **12.0 اونچائی پر کام — 19**
- 12.1 موبائل ٹرانسپورٹ سیڑھی کا محفوظ استعمال — 19
- 12.2 بانس / فائبر کی سیڑھی کا محفوظ استعمال — 20
- 12.2.1 عمومی ہدایات
- 12.2.2 چار(4) منظر نامے
- **13.0 ہنگامی صورت حال — 21**
- 13.1 کھمبے کی اونچائی پر ریسکیو — 21 - 22
- 13.2 زمین پر ایمرجنسی — 23
- 13.2.1 ہنگامی صورت حال میں ردعمل کا منصوبہ — 24
- **14.0 مخصوص سرگرمیوں کے لئے حفاظتی گائیڈ لائنز — 24**
- 14.1 بجلی — 24
- **15.0 بجلی سے تحفظ وجان بچانے والے 6 اقدام — 24-25**
- 15.1 سر پر(اونچائی)موجود بجلی کی تاریں — 26
- 15.2 بجلی کے پورٹیبل اوزار اور عارضی تنصیبات — 26
- 15.3 آئیسولیشن (الگ تھلگ ہوجانا) — 26
- 15.4 زیر زمین کیبل بچھانے کے لیے کھدائی — 27
- 15.5 کیبل جوڑنا — 27
- 15.6 اکتادینے والا کام — 27





# Table Of Content



- 15.7 پانی پر یا اس کے قریب کام — 28
- **16.0 مینوئل ہینڈلنگ — 28**
- **17.0 آپٹیکل فائبر کیبل کی تنصیب — 28**
- **18.0 سامان کا ذخیرہ — 29**
- **19.0 ذاتی ذاتی حفاظتی سامان (پی پی ایز) — 29**
- 19.1 ذاتی ذاتی حفاظتی سامان — 29
- 19.2.1 سر کا تحفظ — 29
- 19.2.2 پیروں کا تحفظ — 30
- 19.2.3 ہاتھوں کا تحفظ — 30
- 19.2.4 گرنے سے بچاؤ — 30
- **20.0 اطلاع دینا — 30**
- 20.1 ایچ ایس ای واٹس ایپ ہاٹ لائن — 31
- **21.0 آگ سے بچاؤ — 31**
- **22.0 تحفظ پر انعام اور سرزنش — 31**
- **23.0 ضمیمہ اے — 31**
- **24.0 ضمیمہ سی — 31**
- 24.1 ٹول بکس میٹنگ کے ممکنہ موضوعات — 32
- 24.2 کام کی جگہ کے خطرات / خطرے کا اندازہ — 32
- 24.3 رابطے کے ذرائع (وسائل) قائم کئے جائیں گے — 32
- 24.4 موسمی حالات کے اثرات، وغیرہ — 32
- 24.5 ہنگامی حالات میں اتفاق رائے — 33
- **25.0 ضمیمہ ایف — 33-34**
- **26.0 ضمیمہ جی — 35**

## 2.0 ذمہ داری سے انکار/ڈس کلیمر



یہ کتابچہ ٹھیکیداروں اور ان کے ملازمین کو محفوظ طریقے سے کام کرنے میں مدد دینے کیلئے تیار کیا گیا ہے تاکہ وہ خدمات فراہم کرتے ہوئے لوگوں اور املاک کے متعلق ضروری احتیاطی تقاضے پورے کریں ۔ اس ہیلتھ اینڈ سیفٹی ہینڈ بک کا مقصد یہ ہے کہ ٹھیکیداروں اور ان کے ملازمین کو پی ٹی سی ایل گروپ کو خدمات فراہم کرتے ہوئے صحت، حفاظت اور مناسب رویے کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں۔
اگرچہ اس کتابچے میں ہدایات اور طریقہ کار کو واضح کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے ، تاہم، ہر ٹھیکیدار پر یہ ذمےداری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے ملازمین کو اس بات کا پابند بنائے کہ وہ اپنی خدمات محفوظ طریقے سے انجام دیں تاکہ نہ خود کو، نہ دوسروں کو ،اور نہ کسی جائیداد،سامان یا ماحول کو نقصان پہنچے ۔
یہ کتابچہ ان طریقوں یا اصولوں کا احاطہ کرتا ہے جن سے صحت اور حفاظت کو بہتر بنایا جاسکے، چاہے وہ کسی قانون ،ضابطے یا معیار کے تحت ہوں یا اس سے ہٹ کر ۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ضابط ساز ادارے قوانین ،تشریحات یا معیارات کو نئی ٹیکنالوجی ، معلومات یا حالات کے مطابق تبدیل کرسکتے ہیں ۔ ان تبدیلیوں سے باخبر رہنے کے لیے، یا ہیلتھ اینڈ سیفٹی ( ایچ ایس ای ) سے متعلق مختلف موضوعات پر معلومات حاصل کرنے کے لیے، متعلقہ معلومات وقتاً فوقتاً ٹھیکیداروں کو فراہم کی جائیں گی۔

## 3.0 مقصد

یہ ہینڈ بک ٹھیکیداروں کو بنیادی صحت اور حفاظت کے طریقہ کار اور احتیاطی تدابیر کی رہنمائی فراہم کرنے کے لیے بنائی گئی ہے، جو وہ پی ٹی سی ایل گروپ کے کاروباری یونٹس کے لیے کام کرتے ہوئے استعمال کریں گے۔

یہ ہینڈ بک ہر صورتحال یا حالات کے لیے تمام حفاظتی طریقہ کار کا احاطہ نہیں کرتی، لیکن حادثات کو کم کرنے اور نقصانات پر قابو پانے کے لیے عمومی رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ یہ کسی ٹھیکیدار کے حفاظتی پروگرام کی جگہ لینے یا تمام حفاظتی قوانین کا خلاصہ پیش کرنے کا مقصد نہیں رکھتی۔
ٹھیکیداروں کے حفاظتی ہینڈ بک کا سب سے اہم مقصد حادثات کو روکنا اور نقصانات کو کنٹرول کرنا ہے۔ ہمارا عزم ہے کہ کام پر آنے والا ہر فرد بخیر و عافیت کام ختم کرنے کے بعد اپنے گھر اور خاندان کے پاس پہنچے۔ اس ہینڈ بک سے واقفیت چوٹ سے محفوظ کام کی جگہ کے ہمارے مقصد کوپورا کرنے کے لیے مدد دے گی۔





## 4.0 تعارف




یہ رہنما خطوط**PDCA**(پلان ڈو چیک ایکٹ ) سائیکل پر تیار کیے گئے ہیں تاکہ کاروباری یونٹس کی طرف سے کام کرنے والے تمام ٹھیکیداروں کے لیے کم از کم توقعات طے کی جا سکیں۔ یہ ہینڈ بک کاروباری یونٹس کی صحت اور حفاظت کے انتظام کے وعدے کو پورا کرنے کی ذمہ داریاں اور ضروریات بیان کرتی ہے۔اس ہینڈ بک کا مقصد خطرات سے نمٹنے کا فعال انداز اور حادثات کی روک تھام ہے۔ اس ہینڈ بک میں دی گئی ہدایات پر عمل درآمد سے کاروباری یونٹس، پی ٹی سی ایل گروپ اور ان کے ٹھیکیدار کی صحت اور حفاظت کی ذمہ داریوں کو بہتر طریقے سے پورا کر سکیں گے۔ یہ کتابچہ اس بات کویقینی بنانا ہے کہ کاروباری یونٹس کی صحت،حفاظت اور ماحول **HSE** سے متعلق توقعات ٹھیکیداروں کے علم میں آئیں ۔ کاروباری یونٹس کی ضرورت ہے کہ آپ اور آپ کا پورا عملہ اس ہینڈ بک میں دی گئی ہدایات پر مکمل عمل درآمد کرے۔ جب آپ کاروباری یونٹس کے لیے خدمات دیتے رہتے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ نے یہ ہدایات اچھی طرح پڑھ و سمجھ لیں ہیں اور آپ ان پر عمل پیرا ہونے پر متفق ہیں ۔

# 5.0 تعریفیں/وضاحتیں

اس دستاویز میں استعمال ہونے والے کچھ اہم الفاظ اور اصطلاحات کی وضاحت کی گئی ہے۔ جو اصطلاحات یہاں شامل نہیں ہیں، وہ اپنے متعلقہ قوانین اور ضوابط کے مطابق سمجھیں جائیں گی۔

## 5.1 خطرہ

ایسا ذریعہ، حالت، یا عمل جس سے انسان کو چوٹ لگنے یا کسی بیماری میں مبتلا ہونے کا امکان ہو، یا دونوں کا مجموعہ ہو۔

## 5.2 خدشات

کسی خطرناک واقعے کے ہونے کے امکانات یا اس واقعے سے کسی چوٹ یا بیماری میں مبتلا ہونے کے امکانات یا دونوں میں ایک ساتھ ہونے کا خدشہ۔

## 5.3 خطرے کی جانچ/تشخیص

کسی خطرے سے پیدا ہونے والے خدشات کا اندازہ لگانے کا عمل، جس میں موجود حفاظتی اقدامات کی کارکردگی کو دیکھا جاتا ہے، اور فیصلہ کیا جاتا ہے کہ آیا یہ خطرہ قابل قبول ہے یا نہیں۔

## 5.4 کام کی جگہ پر صحت کی خرابیاں

ایسی جسمانی یا ذہنی بیماری جو کسی کام کی سرگرمی یا کام سے متعلق حالات کی وجہ سے پیدا ہو یا بگڑ جائے۔

## 5.5 بال بال بچنا

ایسا واقعہ جس میں نقصان یا چوٹ ہونے کا واضح امکان تھا، لیکن خوش قسمتی سے کوئی نقصان نہیں ہوا۔

## 5.6 ناگہانی واقعہ

کام سے متعلق ایسا واقعہ جس میں چوٹ یا بیماری ہوئی ہو. چاہے معمولی ہو یا شدید، یا ایسا واقعہ جس میں چوٹ یا بیماری ہو سکتی تھی۔

## 5.7 حفاظت

کسی قسم کی چوٹ یا صحت کی خرابی سے محفوظ

## 5.8 نقصان

ایسی چیز یا عمل جو چوٹ، بیماری، جائیداد، ماحول یا سامان کو نقصان پہنچا سکتا ہو۔

## 5.9 زخم/چوٹیں آنا

ایسی چوٹ، بیماری یا موت جو کسی شخص کو کام کی جگہ پر کام کرتے ہوئے ہو جائے۔

## 5.10 وتگی/مرگ ناگہانی

کام کے دوران لگنے والی چوٹ یا کام سے لاحق ہونے والی بیماری کے نتیجے میں ہونے والی موت۔

## 5.11 دائمی معذوری

ایسی جسمانی یا ذہنی کمزوری جو کسی حادثے یا سنگین بیماری کے بعد ہمیشہ کے لیے انسان کی کام کرنے یا روزمرہ کے معمولات انجام دینے کی صلاحیت کو متاثر کر دے۔

## 5.12 وہ دن جب عملہ یا کوئی کارکن تفویض کردہ کام نہ کرے

ایسے تمام دن )چاہے مسلسل ہوں یا الگ الگ(جب کوئی کارکن چوٹ یا بیماری کی وجہ سے کام پر موجود نہ ہو، محدود ڈیوٹی پر ہو، یا اپنی مکمل ذمہ داریاں ادا کرنے کے قابل نہ ہو۔
اس میں صرف وہ مکمل دن یا شفٹیں شامل کی جاتی ہیں جن پر کارکن یا ٹھیکیدار واقعی غیر حاضر رہا ہو۔ اگر کسی کی موت ہو جائے (Fatality)، تو ایسے دن Lost Workdays میں شمار نہیں کیے جاتے۔



## 5.13 محدود کام کا معاملہ

کام سے متعلق ایسی چوٹ جس کی وجہ سے ملازم پورا یا کچھ حصہ اپنی عمومی ڈیوٹی یا کام کے اوقات میں انجام نہ دے سکے۔

## 5.14 (MTC) طبی علاج کا معاملہ

ایک بار ہی فراہم کی (First Aid Case ) ابتدائی طبی امداد جاتی ہے اور یہ ایسی معمولی خراشوں، کٹنے، جلنے، کسی چیز کے گھس / چبھ جانے کے لئے دی جاتی ہے جس عام طور پر کسی دوائی یا طبی دیکھ بھال کی ضرورت نہیں ہوتی۔

## 5.15 (FAC) ابتدائی طبی امداد

ابتدائی طبی امداد( فرسٹ ایڈ) کسی بھی ایک وقتی علاج معمولی خراشوں، کٹنے، جلنے اور اسی طرح کے دیگر ایسے معمولی زخموں کے فالو اپ وزٹ تک محدود ہے، جن کے لیے عام طور پر ڈاکٹری نسخے یا طبی دیکھ بھال کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔

## 5.16 خرابی صحت

کوئی ایسی جسمانی یا ذہنی بیماری یا مسئلہ جو کام کی وجہ سے پیدا ہوا ہو یا کام کے حالات کی وجہ سے بدتر ہو گیا ہو۔

## 5.17 ہوگا

لفظ Shall ایک لازمی ضرورت کی نشاندہی کرتا ہے

## 5.18 ہونا چاہیے

لفظ Shall کا مطلب ہے کہ یہ کسی بات کی سفارش یا مشورہ ہے، یعنی یہ کرنا بہتر ہے لیکن ضروری نہیں۔

## 5.19 ٹھیکیدار

ایک بیرونی ادارہ / فرد جو کمپنی کو طے شدہ دائرہ کار، شرائط، اور حالات کے مطابق خدمات فراہم کرتا ہے۔

## 5.20 پراجیکٹ انجنیئر/مینیجر

اپنے شعبے میں ماہر ایک شخص جس نے کسی تسلیم شدہ ادارے سے بیچلر آف انجینئرنگ (B.E) کی ڈگری حاصل کی ہو اور متعلقہ شعبے میں کم از کم 5 سال کا تجربہ رکھتا ہو۔

## 5.21 ٹھیکدار کے ملازم/کارکن

ایک ایسا ہنرمند شخص جو ٹھیکیدار کی طرف سے کمپنی کی کام کی جگھوں پر متفقہ شرائط اور ضوابط کے مطابق کام انجام دینے کے لیے ملازمت میں ہو۔

## 5.22 اہل شخص

ایسا شخص جو طبی اور جسمانی طور پر صحت مند ہو، اور جسے ٹھیکیدار نے تحریری طور پر مخصوص کام یا ذمہ داری انجام دینے یا کسی خاص جگہ پر رہنے کے لیے مقرر کیا ہو۔ وہ شخص اپنے کام کے لیے متعلقہ پیشہ ورانہ تعلیم، تربیت، مہارت، تجربہ، تکنیکی معلومات، سرٹیفیکیشن، لائسنس یا اجازت نامہ رکھتا ہو۔ اس میں سیفٹی آفیسر، سائٹ سپروائزر، ڈرائیور، لائن مین، فٹر، ویلڈر، کیبل جوائنٹر، کرین آپریٹر، رگر، ہیلپر وغیرہ شامل ہو سکتے ہیں لیکن یہ افرادی قوت ان تک ہی محدود نہیں۔

## 5.23 سیفٹی ایگزیکٹیو آفیسر

ایسا ماہر شخص جس کے پاس گریجویٹ ڈگری اور کم از کم تین سال کا تجربہ ہو، اور جو انسٹیٹیوٹ آف آکیوپیشنل سیفٹی اینڈ ہیلتھ (IOSH) یو کے سے متعلقہ سند رکھتا ہو، اور ایچ ایس ) ہیلتھ اینڈ سیفٹی ( ایچ ایس ای ) ( کے امور کی نگرانی اور ان پر عمل درآمد کروانے میں ماہر ہو۔

## 5.24 الیکٹریکل سپر وائزر

ایسا ماہر شخص جس کے پاس کسی تسلیم شدہ ادارے سے الیکٹریکل یا الیکٹرانکس میں ڈپلومہ ہو اور متعلقہ شعبے میں کم از کم 3 سال کا تجربہ رکھتا ہو۔

## 5.25 آلات

کوئی بھی مشین، پاور ٹول، اور دیگر آلات جو کام انجام دینے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

## 5.26 اوزار

ہاتھ سے پکڑ کر چلایا جانے والا ایسا آلہ جو کسی خاص کام کی انجام دہی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

## 5.27 پراجیکٹ/منصوبہ

کاروباری یونٹس کی جانب سے تفویض کردہ کام/پروجیکٹ یعنی پی ٹی سی ایل گروپ نیٹ ورک، سائٹس اور عوامی رہائشی علاقوں میں تنصیب، مرمت اور دیکھ بھال۔

## 5.28 سائیٹ/کام کی جگہ

کام کی جگہ یا عوامی رہائشی علاقہ جہاں ہوا یا زیر زمین اور کیبل بچھانے جیسے کام کیے FTTH, GPON, MSAG جائیں، جہاں کام (تنصیب، مرمت، اور دیکھ بھال) انجام دیا جاتا ہے۔

## 5.29 موبائل ٹرانسپورٹ سیڑھی کی پوزیشن

کو صحیح جگہ پر رکھنا (MTL) موبائل ٹرانسپورٹ سیڑھی اور سیڑھی کی پوزیشننگ (سمت درست کرنا) کرنا، بشمول ایسی گاڑیاں جن پر سیڑھی نصب ہو، تاکہ اونچائی پر کام یا کوئی سرگرمی انجام دی جا سکے۔

## 5.30 رکاوٹیں

کام کی جگہ کو (فزیکل) طبعی طور پر محفوظ کرنے کے لیے سیفٹی کونز اور انتباہی ٹیپ کا استعمال کرنا تاکہ کوئی بھی غیر متعلقہ اور غیر مجاز شخص، بشمول عام شہری کام کی جگہ پر داخل نہ ہوسکے۔

## 5.31 تباہ شدہ کھمبا/ٹاور

ایک ایسا کھمبا/ٹاور جو زمین کی سطح سے اوپر یا نیچے زنگ آلود ہو۔

## 6.0 عمومی ہدایات/گائیڈلائنز

معاہدے کے تحت حاصل کئے گئے کام کی انجام دہی کے دوران ٹھیکیداروں کو حکومت پاکستان کے منظور شدہ تمام قابل اطلاق اور متعلقہ قوانین، ضوابط، قانونی تقاضوں، صوبائی سطح کے ضوابط اور بزنس یونٹس پی ٹی سی ایل گروپ کی حفاظتی طریقہ کار کی پابندی کرنی ہوگی۔

## 7.0 ٹھیکیدار کی ذمہ داریاں

تمام ٹھیکیداروں اور ان کے عملے کو صحت اور حفاظت کے کم از کم وہی معیارات پورے کرنے چاہئیں جو پی ٹی سی ایل گروپ کے ملازمین پر لاگو ہوتے ہیں۔ ٹھیکیداران پر عمل درآمد یقینی بنائیں گے لیکن ان تک محدود نہیں ہوں گے۔







i کام کی جگہ کی صحت اور حفاظت کے مناسب انتظام کے ثبوت کے طور پر لائسنس، سرٹیفکیٹ، دستاویزات اور ریکارڈز کی کاپیاں فراہم کریں جب درخواست کی جائے۔

ii تمام متعلقہ قانونی اور معاہداتی شرائط کی پابندی کریں۔

iii کام صرف تعلیم یافتہ، لائسنس یافتہ اور ماہر افراد ہی انجام دیں۔

vi کام اس طرح کیا جائے کہ اس میں شامل یا متاثر ہونے والے کسی بھی فرد، بشمول عام عوام، کی ہیلتھ اینڈ سیفٹی (ایچ ایس ای) کو کم سے کم خطرہ لاحق ہو۔

v کام کو محفوظ طریقے سے کرنے کے لیے مناسب وسائل فراہم کریں تاکہ صحت اور حفاظت پر منفی اثر نہ پڑے۔

iv کام شروع کرنے سے پہلے، متعلقہ خطرات کا جائزہ، ہنگامی ردعمل کے منصوبے وغیرہ تیار کریں اور ان پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔

iiv اگر کام کی جگہ پر کوئی ممکنہ خطرہ نظر آئے تو ٹھیکیدار فوراً کام روک کر پی ٹی سی ایل گروپ کے سپروائزر کو اطلاع دیں۔

iiiv ٹھیکیدار کام کی جگہ پر ہونے والے کسی بھی حادثے کی فوری اطلاع پی ٹی سی ایل گروپ کے سپروائزر کو دیں۔

xi جو کام میں استعمال ہوں، پی ٹی سی ایل گروپ کے قواعد (PPE) تمام مشینری، اوزار، اور ذاتی حفاظتی سامان اور ہدایات کے مطابق معائنہ اور سنبھال کر رکھیں۔

x کام کرتے وقت انسولیٹڈ اوزار فراہم کریں۔

ix کام کرنے والے کارکنوں کو میدان میں بھیجنے سے پہلے اپنی جگہ یا دفتر پران سے ٹول باکس ٹاک کریں۔

iix کام کے دوران صفائی ستھرائی کا خیال رکھیں۔ ٹھیکیدار یا کسی ٹیم کی غیر مجاز بندش منع ہے اور اس پر سخت تادیبی کارروائی ہو سکتی ہے، جس میں بلیک لسٹنگ بھی شامل ہے۔

iiix ٹھیکیدار درج ذیل اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجرز (کام کرنے کا معیاری طریقہ کار) پر پابندی اور اپنی افرادی قوت کے تربیت یافتہ ہونے کو یقینی بنائیں۔

- a. آلات، اوزار، اور گاڑیوں کا معائنہ کرنا
- b. لائن کو الگ کرنا
- c. کم سے کم محفوظ فاصلہ
- d. اونچائی پر کام کرنا
- e. بھاری سامان کی نقل و حرکت، چڑھانا اور اتارنا
- f. پی ایل / فائبر کی سیڑھی کا استعمال
- g. پروجیکٹس/کام جیسے بورنگ، فائبر بچھانا، دیکھ بھال، اور نقص کی تلاش کرنا
- h. زیرزمین کیبل بچھانا
- i. کیبل/تاریں جوڑنا
- j. حادثے کی اطلاع دینا
- k. اوزار
- l. ذاتی حفاظتی سامان

a. اوزار استعمال کرنے والے کارکنوں کو ان کے درست طریقے سے استعمال، سنبھالنے ، محفوظ کرنے اور دیکھ بھال کی مناسب تربیت اور اختیار حاصل ہونا چاہیے۔ برقی دستی اوزاروں کو صحیح طریقے سے زمین سے جوڑا جانا چاہیے یا انہیں ڈبل انسولیٹڈ قسم کا ہونا چاہیے۔ تمام اوزاروں کا کسی بھی قسم کے نقص سے مبرا ہونا اور انہیں اچھی حالت میں برقرار رکھا جانا چاہیے۔

b. درج ذیل بنیادی حفاظتی اصولوں پر عمل کر کے آلات کے استعمال کے دوران حادثات کم کئے جا سکتے ہیں:

- i تمام اوزاروں کو اچھی حالت میں رکھیں اور باقاعدگی سے ان کی دیکھ بھال کریں۔
- ii جانچ کے آلات کی کیلِبریشن مینوفیکچرر کے ہدایت نامے کے مطابق وقت پر کریں
- iii صحیح کام کے لیے درست اوزار استعمال کریں۔
- vi استعمال کرنے سے پہلے ہر ٹول کی جانچ کریں کہ آیا اس سے کسی قسم کا نقصان تو نہیں پہنچ سکتا۔
- v اوزار کو اس کے مینوفیکچرر( تیار کنندہ ) کی ہدایات کے مطابق ہی استعمال کریں۔
- iv مناسب ذاتی حفاظتی سامان HSE فراہم اور استعمال کریں۔
- iiv بجلی سے چلنے والے گھومنے والے ( چکر دار) اوزار کے استعمال سے پہلے حفاظتی اقدامات /سیفٹی گارڈز یا چہرے کی ڈھال / آنکھوں کے چشمے استعمال کیے جائیں گے۔

c. پلاس اور پانے وغیرہ ربر کے دستانے کے بغیر بجلی کے ان مقامات پر استعمال نہیں کیے جائیں گے جہاں کرنٹ کی موجودگی کا امکان ہو۔ ایسی جگھوں پر محفوظ فاصلہ برقرار رکھا جائے گا جیسا کہ فضائی اور زیر زمین نیٹ ورک کی ہدایت نمبر 9 میں بتایا گیا ہے۔

d. بجلی سے چلنے والا آلہ وہ ہوتا ہے جو الیکٹرک، ہائیڈرولک، نیومیٹک یا اندرونی انجن سے چلتا ہے، جیسے گرائنڈر، گرائنڈنگ مشین، ڈسک کٹر، الیکٹرک ڈرلنگ مشین، ویلڈنگ مشین، ہائیڈرو جیٹنگ مشین، بنچ گرائنڈنگ مشین، ایئر کمپریسر، کٹنگ مشین، بلیور، جیک ہمر، ہائیڈولک جیک، اور بیٹری سے چلنے والی ڈرل مشین وغیرہ

e. ایسی تمام مشینیں جیسے گرائنڈر اور ڈرل مشین ہمیشہ صحیح پلگز کے ساتھ استعمال کی جائیں اور بجلی کے تار کے سرے مکمل طور پر محفوظ اور موصل ہوں ،تار کا کوئی حصہ کھلا نہ چھوڑا جائے۔

f. تمام بھاری مشینوں کے ڈرائیورز یا آپریٹرز کے پاس حکومت کی طرف سے جاری کردہ مناسب لائسنس ہونا چاہیے، جو اس قسم اور سائز کی مشین چلانے کے لیے درست اور معتبر ہو۔

g. جب ٹھیکیدار کا کارکن بجلی کی لائیو لائن کے قریب کام کر رہا ہو تو فضائی اور زیر زمین نیٹ ورک کے لیے HSE ہدایت نمبر 9 میں مقرر کردہ کم از کم محفوظ فاصلہ لازمی برقرار رکھا جائے۔





## 7.1 کھمبے اور تعمیری ڈھانچہ

تمام کھمبے اور ڈھانچوں (اسٹرکچر) پر چڑھنے سے پہلے اچھی طرح چیک کیا جانا چاہیے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ کام کرنے کے لیے محفوظ حالت میں ہیں اور اضافی یا غیر متوازن دباؤ برداشت کر سکتے ہیں۔ چیک کرنے والی خرابیوں میں کھمبوں، ٹاورز، ڈھانچوں اور ان کی بنیادوں میں پڑنے والی دراڑیں، نقصان، اور خرابیاں شامل ہیں۔

اگر کھمبے یا ڈھانچے چڑھنے کے لیے غیر محفوظ ہوں، تو انہیں محفوظ بنائے بغیر چڑھنا منع ہے۔ حفاظت کے لیے گائیئنگ بریکنگ، یا موبائل ایلیویٹڈ ایریل پلیٹ فارم، مین باسکٹ، مین لفٹ، یا بالٹی والی گاڑی استعمال کی جائے، سیڑھی کے بجائے۔ کھمبے کی جانچ درج ذیل طریقوں سے کی جا سکتی ہے۔

### 7.1.1 ظاہری طریقہ

کھمبے کی ظاہری حالت کو دیکھ کر چیک کریں کہ کہیں اس پر کوئی نقص جیسے زنگ آلود جگھوں پر چھید، جھکا ہوا ہونا، یا ناقابل استعمال حالت تو نہیں۔

# 8.0 حفاظتی کردار اور ذمہ داریاں

## 8.1 ٹھیکیدار

1. ۔ ہر ٹھیکیدار کے پاس اپنے کارکنوں اور آلات کے لیے اپنا پیشہ ورانہ صحت اور حفاظت کا ضابطہ ہونا چاہیے۔ اگر ایسا نہیں، تو وہ اس ٹھیکیدار کی حفاظتی ہینڈ بک اور اپنے معاہدے کے ضمیمے میں دی گئی دیگر حفاظتی ہدایات اور طریقہ کار استعمال کر سکتے ہیں تاکہ اپنے کارکنوں کو ان کے کام سے منسلک خطرات اور خدشات کے بارے میں سمجھا اور تربیت دے سکیں۔۔۔ مینجمنٹ مینوئل میں درج ذیل شامل ہوں گے لیکن یہ ان تک محدود نہیں:

- a. دائرہ کار اور تعارف
- b. OSH پروگرام اور سرگرمیاں (حفاظتی آگاہی، ٹول باکس ٹاک، تربیت، معائنہ، آڈیٹنگ وغیرہ)
- c. OSH کے مقاصد اور اہم کارکردگی کے اشارے
- d. OSH آڈٹ اور معائنہ پروگرام
- e. ورک پرمٹ / اگر قابل اطلاق ہو۔
- f. ایمرجنسی رسپانس پلان
- g. خطرے کی شناخت اور خطرے کی تشخیص (HIRA)
- h. کسی ناخوش گوار واقعہ کی اطلاع دینے کا طریقہ کار
- h. ٹھیکیدار یقینی بنائے گا کہ ان کی ٹیم میں شامل کسی فرد کی عمر (18 سال سے کم) نہ ہو۔
- j. قابلیت کے تقاضے

2. ٹھیکیدار کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ ان کے تمام کارکنوں نے کاروباری یونٹس کی سائٹس پر کام شروع کرنے سے پہلے پروجیکٹ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے فراہم کردہ سیفٹی اورینٹیشن پروگرام میں شرکت کی ہے۔

a. قابلیت کے تقاضے یہ ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ ان کے کارکنان وہ کام یا ذمے داریاں انجام دینے کے لیے اہل ہوں گے جو قوانین اور کاروباری یونٹس کے تحت درکار ہوں جیسا کہ

i. پروجیکٹ انجنیئر/مینیجر
ii. سیکیورٹی آفیسر
iii. سپروائزر
iv. لائن مین
v. فٹر
vi. کرین آپریٹر
vii. رگر
viii. ویلڈر
ix. کیبل جوائنٹرز
x. دیگر جیسا کہ قوانین یا کاروباری یونٹس وقتاً فوقتاً طے کریں

b. ٹھیکیدار ایک قابل حفاظتی افسر/سپروائزر کو نامزد کرے گا جو ہر کام کی جگہ پر ہیلتھ اینڈ سیفٹی (ایچ ایس ای) کی تمام ضروریات پر عملدرآمد کو یقینی بنائے گا، جیسا کہ طے شدہ شرائط و ضوابط میں بیان کیا گیا ہے۔

c. ٹھیکیدار ایک پروجیکٹ انجینئر/مینیجر نامزد کرے گا جو بزنس یونٹس کے عملے کے ساتھ کام کی جگہ پر رابطہ رکھے گا اور کام کی نگرانی کرے گا۔ یہ نمائندہ دیے گئے کام کے دائرہ کار کی نگرانی کرے گا۔

d. ٹھیکیدار ایک سائٹ سپروائزر نامزد کرے گا جو کام کی جگہ پر بزنس یونٹس کے عملے کے ساتھ رابطہ رکھے گا۔ یہ نمائندہ ہمیشہ سائٹ پر موجود رہے گا تاکہ دیے گئے کام کی نگرانی کرے۔ سائٹ سپروائزر اور سیفٹی سپروائزر ایک ہی شخص ہو سکتا ہے۔

e. تمام اہلکاروں کے پاس ہمیشہ کمپنی کا جاری کردہ درست شناختی کارڈ اور قومی شناختی کارڈ ہونا چاہیے، جسے ضرورت پڑنے پر پیش کرنا لازم ہے۔

f. ہر سرگرمی کو شروع کرنے سے پہلے اس کا جائزہ لیا جائے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ کام محفوظ اور مؤثر ہوگا۔

g. کسی بھی منصوبے /کام کو شروع کرنے سے پہلے متعلقہ کمپنی اور HSE کی ضروریات سے مکمل آگاہی ہونی چاہیے۔

h. ٹھیکیدار کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ ان کے کارکن تمام چوٹوں، گاڑی کے حادثات، رساؤ، حادثے سے بالبال بچ جانے (Near Misses) اور غیر محفوظ حالات کی فوری رپورٹ پی ٹی سی ایل گروپ کے سپروائزر یا مینیجر کو کریں۔

i. ٹھیکیدار کا سیفٹی آفیسر کام شروع ہونے سے پہلے سیفٹی میٹنگ کرے گا تاکہ منصوبے پر بات کی جا سکے اور ممکنہ مسائل کا جائزہ لینے کے لیے HSE مسائل کا اندازہ لگایا جا سکے۔ اس کے علاوہ، منصوبے کی پیش رفت اور HSE باقاعدہ سیفٹی میٹنگز ہوں گی۔

j. پراجیکٹ /کام شروع کرنے سے پہلے تربیت یا دیگر HSE دستاویزات کا ثبوت فراہم کیا جائے۔

k. کسی بھی کام کے آغاز سے پہلے اس بات کو یقینی بنائیں کہ سامان محفوظ کام کرنے کی حالت میں ہے اور اسے مناسب طریقے سے مینٹین رکھا گیا ہے۔

l. یہ یقینی بنائیں کہ ان (ٹھیکے دار)کے کارکن کام کے لیے جسمانی طور پر صحت مند اور تندرست ہوں۔

m. یہ یقینی بنائیں کہ ٹھیکیدار کے سپروائزر کی غیر موجودگی میں کوئی کام شروع نہ کیا جائے۔

n. اپنے فیلڈ اسٹاف کو انسولیٹڈ (بجلی سے محفوظ)اوزار فراہم کریں۔

o. کارکنوں کو تمام ضروری ذاتی حفاظتی سامان (PPE) فراہم کیا جائے، جیسے: (مکمل باڈی ہارنس، لائیو لائن ٹیسٹر، ربڑ/چمڑے کے دستانے، کام کرنے والے دستانے، ٹھوڑی کی پٹی کے ساتھ ہیلمٹ، چہرے کی ڈھال، حفاظتی جوتے وغیرہ) (ضمیمہ ای)



## 8.2 ٹھیکیدار کا پراجیکٹ انجنیئر/مینیجر

1. صحت اور حفاظت سے متعلق معلومات اور عزم کا مظاہرہ کریں۔
2. پی ٹی سی ایل گروپ کی ضروریات کے مطابق صحت اور حفاظت کو یقینی بنائیں۔
3. سائٹ کی ضروریات کے مطابق متعلقہ طریقہ کار)پروسیجرز( پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔
4. اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے کارکن کام انجام دینے کے اہل ہیں۔
5. پی ٹی سی ایل گروپ منیجر/سپروائزر کے ساتھ ہم آہنگی کو یقینی بنائیں۔
6. کسی بھی کام کے آغاز سے پہلے اس بات کو یقینی بنائیں کہ سامان محفوظ کام کرنے کی حالت میں ہے اور اسے مناسب طریقے سے برقرار رکھا گیا ہے۔
7. سیفٹی پروگرام پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے سائٹ کا وقتا فوقتا معائنہ کریں۔

## 8.3 حفاظتی افسر

1. اس بات کو یقینی بنانا کہ تمام ورکرز کام کے اصولوں، ایس او پی(SOP)اور طے شدہ شرائط و ضوابط کے مطابق عمل کر رہے ہیں۔
2. خطرات کے بارے میں آگاہی فراہم کرتے ہوئے ایس او پی(SOP)کا مکمل نفاذ یقینی بنانا۔
3. خطرات کا جائزہ لینا۔
4. سیفٹی (حفاظتی) پروگرام پر عمل درآمد کو یقینی بنانے اور چیک کرنے کے لیے اچانک معائنے کرنا۔
5. خلاف ورزی کی صورت میں رپورٹ بنانا اور مکمل تفتیش کرنا۔
6. اگر کوئی غیر محفوظ کام یا حالت نظر آئے تو کام فوراً رکوایا جائے۔
7. پورٹیبل مشینوں اور آلات کا وقتاً فوقتاً معائنہ کرنا۔
8. یہ یقینی بنانا کہ عملہ مکمل تربیت یافتہ اور محفوظ طریقے سے کام کرنے کے قابل ہو۔

## 8.4 ٹھیکیدار کا سائیٹ سپر وائزر

1. کام کی جگہ پر خطرات (Hazards) کی نشاندہی کرنا۔
2. یہ یقینی بنانا کہ تمام ورکرز مکمل ذاتی حفاظتی سامان (PPEs) پہن کر کام کر رہے ہوں۔
3. کام شروع کرنے سے پہلے پی ٹی سی ایل گروپ کے سپروائزر سے زبانی یا تحریری اجازت لینا۔
4. یہ یقینی بنانا کہ کسی بھی قسم کی "محفوظ شدہ توانائی" (Stored Energy) باقی نہ ہو۔
5. اس بات کو یقینی بنائیں کہ کسی واقعے کو روکنے کے لیے کنٹرولز موجود ہیں جیسا کہ ہر سرگرمی کے خطرے کی تشخیص میں ذکر کیا گیا ہے۔
6. پی ٹی سی ایل گروپ کی ہدایات اور طریقہ کار(Procedures & Guidelines) پر مکمل عملدرآمد کروانا۔
7. اگر خطرات پر قابو نہ پایا جا سکے تو فوراً کام بند کریں اور فوراً پی ٹی سی ایل گروپ کے سپروائزر یا مینیجر کو اطلاع دیں۔
جب تک کنٹریکٹر یا پی ٹی سی ایل گروپ کا سپروائزر موجود نہ ہو، کوئی کام شروع یا جاری نہیں کیا جائے گا۔
8. اگر پی ٹی سی ایل یا کنٹریکٹر کا سپروائزر کسی وجہ سے )جیسے نماز، کھانے کا وقفہ یا کوئی اور وجہ( سائٹ سے چلا جائے، تو کام روک دیا جائے گا۔
9. لائن مین /فٹر/کیبل جوائنٹر جب بلندی پر کام کرے تو حفاظتی بیلٹ پہن کر اسے مضبوطی سے باندھے، ہیلمٹ )چِن اسٹرپ کے
10. .ساتھ( سیفٹی شوز، دستانے استعمال کرے اور کام شروع کرنے سے پہلے لائیو لائن ٹیسٹر سے چیک کرے
11. زمین پر کام کرنے والے دوسرے ورکرز بھی مکمل ذاتی حفاظتی سامان PPE پہنیں اور استعمال کریں۔

## 8.5 ٹھیکیدار کا لائن مین/ہوا میں فائبر بچھانا

1. ٹھیکیدار کا لائن مین پی ٹی سی ایل گروپ یا کنٹریکٹر سپروائزر کی ہدایت کے بغیر کام شروع نہ کرے۔
2. کھمبے پر کام شروع کرنے سے پہلے اس کی حالت پول ٹیپ کے طریقے سے چیک کرے۔
3. کھمبے اور اس کی بنیاد کو اچھی طرح چیک کرے۔ اگر کوئی نقصان نظر آئے تو فوراً کام بند کر کے ٹھیکیدار یا پی ٹی سی ایل سپروائزر کو اطلاع دے۔
4. کام کے دوران یونیفارم، سیفٹی واسکٹ، ٹھوس چن اسٹرپ کے ساتھ ہیلمٹ اور اگر ضرورت ہو تو فیس شیلڈ، سیفٹی ہارنس، سیفٹی بیلٹ اور موزوں دستانے پہننا ضروری ہے۔
5. کام شروع کرنے سے پہلے لائیو لائن ٹیسٹر سے بجلی کی موجودگی نہ ہونے کی تصدیق کرے۔

## 8.6 ٹھیکیدار کا کرین آپریٹر

1. کام شروع کرنے سے پہلے کرین اور اس کے تمام لوازمات کی اچھی طرح فزیکل (ظاہری طور پر) جانچ پڑتال کرے۔
2. کرین چلانے کے تمام قواعد و ضوابط پر سختی سے عمل کرے۔
3. رگر (جو کرین آپریٹر کو ہدایات دیتا ہے) کی ہدایات کی پابندی کرے۔

## 8.7 ٹھیکیدار کا رگر

1. منتقل کئے جانے والے تمام سامان کا اچھی طرح معائنہ کرے اور اس کی تیاری کرے۔
2. کنڈی کو سامان اور کرین سے باندھیں۔
3. بھاری سامان کی سیدھ اور توازن درست کرنے کے لیے مناسب رگنگ گیئرز کا انتخاب کرے۔
4. سامان اٹھانے اور منتقل کرنے کے دوران کرین آپریٹر کو ہدایات دے
5. ڈھلکتے حصوں (Drop Zones) کی نشاندہی کرے، علاقے کو رکاوٹیں لگا کر محفوظ بنائے، اور سامان اٹھانے سے پہلے علاقے کی صفائی اور حفاظت کو یقینی بنائے۔

## 8.8 ٹھیکیدار کا کیبل جوائنٹر

1. پی ٹی سی ایل گروپ یا کنٹریکٹر سپروائزر کی ہدایت کے بغیر کام شروع نہ کرے۔
2. مناسب یونیفارم، سیفٹی واسکٹ، چن اسٹرپ کے ساتھ سیفٹی ہیلمٹ اور مناسب سائز کے دستانے پہنے۔
3. کھمبوں، تاروں، سپورٹ وائرز وغیرہ پر کام شروع کرنے سے پہلے لائیو لائن ٹیسٹر سے بجلی نہ ہونے کی تصدیق کرے۔

## 8.9 ٹھیکیدار کا ہیلپر/معاون

1. ٹھیکیدار سائٹ سپروائزر کی ہدایات پر عمل کریں گے
2. ذاتی حفاظتی سامان (PPE) لازمی پہننا ہے۔
3. یقینی بنائیں کہ کسی بھی قسم کے کام کے لیے کوئی ٹرانسفارمر/بجلی کے کھمبے کا استعمال نہ ہو۔
4. اجازت کے بغیر سائٹ (کام کی جگہ) کسی صورت نہیں چھوڑنی۔
5. اگر مزدور/کارکن حفاظتی اصولوں پر عمل درآمد نہیں کررہے تو فوراً سپروائزر کو بتانا ہے



a. مکمل باڈی ہارنس، حفاظتی بیلٹ، ربڑ کے چمڑے کے دستانے کا استعمال۔
b. لائیو لائن ٹیسٹر کے ذریعے فراہمی کی عدم موجودگی کو یقینی بنائیں۔
c. کام کے دوران موبائل کا استعمال۔

# 9.0 پراجیکٹ سیفٹی پلاننگ

## 9.1 خطرے کی تشخیص

سیفٹی پلاننگ کا سب سے اہم حصہ رسک اسیسمنٹ / خطرے کی تشخیص ہے۔ اس میں کسی کام، کام کے عمل یا سرگرمی سے منسلک خطرات کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ اس کے بعد حفاظتی اقدامات طے کیے جاتے ہیں تاکہ عملہ محفوظ رہ سکے۔ اس کے علاوہ، یہ بھی یقینی بنایا جاتا ہے کہ کارکن حفاظتی اقدامات سے آگاہ اور ان پر عمل کریں۔





### خطرے کی تشخیص میں شامل ہونا چاہئے

- اس سرگرمی سے منسلک تمام اہم خطرات کی شناخت / نشان دہی
- کون لوگ اس خطرے سے متاثر ہو سکتے ہیں، بشمول عام عوام؟
- وہ کس طرح متاثر ہو سکتے ہیں؟
- وہ کن کنٹرولز کا نفاذ کیا گیا ہے جو نقصان سے بچانے کے لیے موجود ہیں۔
- خطرے کی درجہ بندی۔
- کوئی اضافی کنٹرولز جو ضرورت پڑنے پر درکار ہو سکتے ہیں /ان کنٹرولز کے نفاذ کی ذمہ داری کس پر ہے۔
- ضمیمہ -الف منسلک مثال

**Risk Assessment #:** ____________ **Rev. #:** ____________

**Task Description:** ____________ **Date:** ____________

**Location:** ____________ **Scriber:** ____________

**Team Leader:** ____________ **Team Members:** ____________

| Sr.No. | Distinct Activity | Hazard* | Hazard Effect/Potential Consequences | Existing Controls | Risk (After existing controls) | | | Additional Controls (Actions to Ensure ALARP) | Residual Risk | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | L | S | R | | L | S | R |
| | | | | | | | | | | | |

## 9.2 کنٹرول کی درجہ بندی

خطرے کو کم کرنے کے لیے کنٹرولز لاگو کرنے کے لیے درج ذیل درجہ بندی کی پیروی کی جائے۔




## 9.3 زندگی بچانے کے اصول

یہ زندگی بچانے کے رہنما اصولوں پر مبنی حفاظتی اقدامات پرمشتمل مجموعہ ہے۔ جنہیں بنانے کا مقصد حادثات کے امکانات کو کم سے کم کرنے کے لیے حفاظتی اقدامات کے لیے ایک معیاری طریقہ کار وضح کرنا ہے تاکہ کسی بھی ممکنہ ناخوشگوار حادثے سے محفوظ رہا جاسکے۔ یہ اصول کارکنوں کوخاص طور پر ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک پر کام کرتے ہوئے حفاظتی اقدامات سے آگاہ کرتے ہیں جو وہ خود کو اور اپنے ساتھیوں کو متوقع حادثات سے بچانے کیلئے کرسکتے ہیں۔ اس کا مقصد موجودہ OHS (کام کی جگہ پر صحت اور حفاظت کے ) مینیجمنٹ سسٹمز، پروگرامز اور پالیسیوں کی معاونت کرنا بھی ہے۔ اس لئے ٹھیکیدار کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ اس کے کارکن ان قواعد سے آگاہ رہیں، کیونکہ اسی طرح وہ ان کنٹرولز کے اطلاق اور کام کی جگہ پر ہونے والے حادثات کو روکنے کے قابل ہوں گے۔ زندگی بچانے والے اصول تیار کیے جانے چاہیئں تاکہ خطرات کم کرکے ALARP کی سطح تک گھٹایا جاسکے۔ اس کے لئے زندگی بچانے کے 6 رہنما اصول (سکس لائف سیونگ رولز) ہیں جو نیچے دیے گئے ہیں:

## 9.3.1 اونچائی پر کام کرنا

- صرف ہنرمند اور کام کے لیے مختص کیے گئے کارکنوں کو اونچائی پر کام کرنے کی اجازت ہے۔
- زمین سے 1.8 میٹر بلند اور غیر محفوظ مقام پر کام کرتے ہوئے گرنے سے بچاؤ کا سامان (حفاظتی بیلٹ، ہارنیس وغیرہ) استعمال کریں۔
- ذاتی حفاظتی آلات (پی پی ایز) کا استعمال کرنے سے پہلے اچھی طرح معائنہ کرلیں۔
- کھمبے پر چڑھنے سے قبل اس کے معیار اور کسی بھی قسم کے رساؤ کو چیک کرلیں۔
- کام کی جگہ پر ریسکیو کے طریقہ کار کو یقینی بنائیں۔





## 9.3.2 بجلی سے تحفظ

- کھمبے پر چڑھنے سے قبل وولٹیج ڈیٹیکٹر کے استعمال کو یقینی بنائیں۔
- کام کی جگہ پر وولٹیج (بجلی) کی موجودگی کے لیے موزوں ذاتی حفاظتی آلات اور موصل (انسولیٹڈ) اوزار استعمال کریں۔
- بجلی کے کھمبوں (یوٹیلیٹی پولز) پر ہائی ٹینشن اور لو ٹینشن لائنوں سے محفوظ فاصلہ رکھیں۔
- زیرزمین بورنگ کرتے وقت ذاتی حفاظتی آلات (پی پی ایز) اور موصل اوزاروں کے استعمال کو یقینی بنائیں۔
- ضرورت کے وقت یوٹیلیٹی کیبلز کی شناخت کرنے والا ڈیٹیکٹر استعمال کریں۔

## 9.3.3 تنگ/بند جگہ پر کام کرنا

- تنگ یا بند جگہ پر داخل ہونے سے قبل ایٹموسفیرک ٹیسٹنگ (تنگ جگہ میں کسی گیس کی موجودگی کے لیے کی جانے والی جانچ) کو یقینی بنائیں۔
- ضرورت کے مطابق روشنی اور ہوا کی موثر آمدورفت یقینی بنائیں۔
- تنگ جگہ پر اکیلے کام کرنے سے گریز کریں اور بڈی سسٹم (اکٹھے کام کرنے) کو یقینی بنائیں۔
- کام کی جگہ پر ریسکیو کے طریقہ کار کو یقینی بنائیں۔

## 9.3.4 آگ سے بچاؤ (فائرسیفٹی)

- کام شروع کرنے سے قبل اس بات کو یقینی بنائیں کہ آتش زنی / آگ کی شناخت کرنے اور اس سے تحفظ فراہم کرنے والا نظام
- جیسا کہ فائر ایکسٹنگیشرز، دھویں اور حرارت کی شناخت کرنے والے ڈیٹیکٹرز اور سپریشن سسٹم اپنی مختص جگہ پر موجود ہیں۔
- کام کی جگہ پر ہنگامی صورت حال میں فوری رد عمل دینے والے نظام کو یقینی بنائیں۔
- حقیقی منظرنامے کی بنیاد پر فرضی ڈرل (موک ڈرل) کا انعقاد کریں۔







## 9.3.5 سڑک (روڈ) پر تحفظ



- ڈرائیور اور مسافر ہمیشہ سیٹ بیلٹ پہنیں۔
- موٹر سائیکل چلاتے وقت رائیڈر اور پچھلی سیٹ پر سوار دونوں افراد ہمیشہ ہیلمٹ استعمال کریں۔
- سڑک کی صورت حال اور حدِ رفتار کو مدنظر رکھتے ہوئے گاڑی چلائیں۔
- موٹر سائیکل یا گاڑی چلاتے وقت موبائل یا دھیان بٹانے والی دیگر اشیا کے استعمال سے گریز کریں۔ ضرورت پیش آنے پر موبائل کے استعمال سے پہلے ہینڈز فری یا گاڑی کو باحفاظت ایک طرف روک دیں۔
- ڈرائیور اور رائیڈر دونوں کے پاس مہارت اور لائسنس ہونا چاہیئے۔

## 9.3.6 خطرے کی حد



- کام کی جگہ پر رکاوٹیں لگائیں اور خطرے کی جانچ (رسک اسسمنٹ) کریں۔
- متحرک اشیاء، مشینوں ، پُرخطر توانائی اور ایسی جگہ جہاں آپ کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہوں، وہاں خود کو اور دوسرے لوگوں کو خطرے کی حد سے باہر رکھیں۔
- کسی بھی کام کو سرانجام دیتے وقت نگرانی کے عمل کو بڑھادیں۔
- خود کو ایسی پوزیشن پر رکھیں کہ متحرک اشیاء اور چلتی گاڑیوں سے بچ سکیں۔

## 9.4 آگاہی اشارے اور انتباہ

ٹھیکیدار ان کارکنوں اور عام لوگوں کو خبردار کرنے کے لیے خطرے سے آگاہی کے اشارے اور انتباہی نشانات لگانے کو یقینی بنائے گا جو کام کی جگہ پر خطرات سے دوچار ہو سکتے ہیں۔ آگاہی اشارے اور انتباہات اہم ہدایات سے متعلق آگاہی میں مدد کر سکتے ہیں، اور ہنگامی حالات کے لیے ہدایات فراہم کر سکتے ہیں۔ جن میں سے کچھ ذیل میں دیئے گئے ہیں لیکن یہ ان تک محدود نہیں ہیں

- (ممنوعہ اشارے)
- انتباہی اشارے
- خطرے کی نشاندہی کے اشارے
- احتیاط برتنے کے اشارے

## سیفٹی آفیسر

1. اس بات کو یقینی بنائے گا کہ کارکن تمام اسپیسیفیکشن، ایس او پیز (کام کرنے کا معیاری طریقہ کار) اور شرائط و ضوابط سے متفق ہدایات کے مطابق عمل پیرا ہیں۔
2. کام کی جگہ پر لاگو ہونے والی تمام ایس او پیز بشمول رسک مینجمنٹ کے حوالے سے معلومات کی فراہمی اور ان کی تکمیل کو یقینی بنانا۔
3. خطرات کی جانچ (رسک اسسمنٹ) کرنا۔
4. حفاظتی پروگرام پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے وقتاً فوقتاً معائنہ کرنا۔
5. نان کمپلائنس (عمل درآمد نہ ہونا) کی صورت میں تفتیش اور اس کی رپورٹ کرنا۔
6. کسی غیر محفوظ اقدام، غیر محفوظ صورت حال کا مشاہدہ کرنے پر کام کو فوراً روک دینا۔
7. ضروریات کے مطابق پورٹ ایبل ایکوئپمنٹ انسپیکشن کرنا۔



## 9.5 ٹول بکس ٹاک

ٹول بکس ٹاک کا مقصد خطرناک حالات کی نشاندہی، جائزہ اور کنٹرول کرنا ہے۔ لہذا، ٹھیکیدار کو کسی بھی کام کی جگہ پر جانے اور سائٹ پر کوئی بھی کام شروع کرنے سے پہلے اپنے کارکنوں کے ساتھ اس طرح کی سرگرمی کو یقینی بنانا چاہیے۔ ٹول باکس ٹاک کرنے کے لیے پانچ اقدامات تجویز کیے گئے ہیں۔

## 9.5.1 مرحلہ 1 (لوگوں کو جمع کریں)

- کنٹریکٹر سپروائزر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ کام یا سرگرمی میں شامل تمام عملہ ٹول باکس ٹاک میں موجود ہو۔

## 9.5.2 مرحلہ 2 (لوگوں کو تفصیل سے آگاہ کریں)

- ٹھیکیدار سپروائزر تمام شرکاء کو انجام دیئے جانے والے کام سرگرمی کے بارے میں آگاہ کرے۔
- شرکاء کو کام یا سرگرمی کے ساتھ خطرات اور اس سے وابستہ نتائج سے آگاہ کرے۔ ممکنہ عنوانات اور اس سے وابستہ خطرات کے لیے ضمیمہ- C سے رجوع کریں۔
- خطرات کو ختم کرنے اور شناخت کے مطابق ALARP سطح پر خطرات کو کم کرنے کے لیے لاگو کیے جانے والے کنٹرولز کے بارے میں آگاہ کریں گے۔
- ملازمت کے دوران حفاظتی آلات (پی پی ای) کے لازمی استعمال کہ تاکید کرے۔
- سپروائزر کام کی تکمیل کے لیے کام کی ہدایات کو واضح کرے۔

## 9.5.3 مرحلہ 3 (لوگوں کو شامل کریں)

- ٹھیکیدار کا سپروائزر شرکاء کو شامل کرے اور کام یا سرگرمی سے متعلق ان کے خیالات، تجاویز اور آراء پر بات چیت کرے۔
- کام/سرگرمی کو انجام دینے کے دوران حفاظت کو بہتر بنانے کے لیے تجاویز طلب کرے۔
- شرکاء کی بہتر سمجھ کے لیے مقامی زبان کا استعمال کرے۔

## 9.5.4 مرحلہ 4 (جانچ پڑتال اور درستگی کے اقدامات)

- کنٹریکٹر سپروائزر چیک کرے گا اور تصدیق کرے گا کہ تمام مطلوبہ موصل آلات، پی پی ای دستیاب، مناسب اور مقصد کے لیے موزوں ہیں۔
- اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تمام افراد اہل ہیں، کام سے واقف ہیں، اپنے کردار اور ذمہ داریوں کو سمجھتے ہیں اور لاگو کیے جانے والے خطرات اور کنٹرول سے واقف ہیں۔








## 9.5.5 حفاظتی مسائل کا حل

ٹھیکیدار کا عملہ کسی ایسی چیز کا سامنا کرتا ہے جسے وہ حفاظتی خطرہ سمجھتا ہے یا اسے ایسا کام سونپا جاتا ہے جسے وہ غیر محفوظ سمجھتا ہے، تو اسے فوراً PTCL گروپ سپروائزر اور ٹھیکیدار کے منیجر کو مطلع کرنا چاہیے۔ کام اس وقت تک شروع نہیں کیا جائے گا جب تک کہ تمام فریقین اسے محفوظ قرار نہیں دیتے۔

## 9.6 کام کو روک دینا

سائٹ کے کسی کارکن کے لیے کسی خطرے کا خدشہ ہو، وہاں کارکن کو فوراً PTCL گروپ / PQC سائٹ سپروائزر اور سیفٹی 7 آفیسر کو اپنی تشویش سے آگاہ کرنے کے لئے رابطہ کرنا چاہیے۔ PTCL گروپ / PQC سائٹ سپروائزر اور سیفٹی آفیسر فوراً کام روک دیں گے اور صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے ہم آہنگی پیدا کریں گے تاکہ یہ طے کیا جا سکے کہ پروجیکٹ / کام کو محفوظ طریقے سے جاری رکھنے کے لیے کون سے اقدامات درکار ہیں۔






## 10.0 ٹرانسپورٹ سیفٹی مینجمنٹ

ٹھیکیدار کی جانب سے استعمال کی جانے والی گاڑیاں پی ٹی سی ایل گروپ کی ضروریات کے مطابق ہونی چاہییں۔ یہ بھی یقینی بنانا ہوگا کہ گاڑیاں جیسے کہ کرین، لوڈر، ایم ٹی ایل، فورک لفٹ وغیرہ صرف مخصوص مقصد کے لیے استعمال کی جائیں۔

1. یقینی بنائیں کہ ڈرائیور کو تربیت یافتہ ہو، لائسنس کا حامل ہو، اور وہ اس قسم کی گاڑی کو چلانے کے لیے طبی طور پر فٹ ہے۔
2. یقینی بنائیں کہ تمام گاڑیوں میں بیٹھنے کا مناسب انتظام ہو اور 3 پوائنٹ سیٹ بیلٹس موجود ہوں۔
3. ٹریفک قوانین کی پابندی کو یقینی بنائیں۔
4. رفتار کی حد کی پابندی کو یقینی بنائیں۔
5. ڈرائیونگ کے دوران موبائل فون کا استعمال نہ کریں۔
6. یقینی بنائیں کہ تمام گاڑیاں اور سامان حفاظتی ضروریات اور تیار کنندہ کے معیار پر پورا اترتے ہیں۔
7. یقینی بنائیں کہ تمام گاڑیوں کی مناسب جانچ اور دیکھ بھال کی گئی ہے۔
8. یقینی بنائیں کہ مسافروں کی تعداد اور لادے گئے سامان کا وزن گاڑی بنانے والی کمپنی کے مقررہ حد تجاوز نہ کرے۔
9. یقینی بنائیں کہ گاڑی میں آگ بجھانے والے آلات اور فرسٹ ایڈ باکس درست حالت میں موجود ہوں۔
10. کوئی بھی چیز جس میں کسی بھی قسم کا نقص سامنے آئے، اسے مناسب مرمت تک استعمال میں نہ لایا جائے۔
11. کرین کی فٹنس کی تصدیق تیسرے فریق سے کرائی جائے گی۔
12 وزن اور سامان اٹھانے کے لیے کام آنے والا تمام سامان جیسے ویب سلنگ، شیکلز اور آئی بولٹ کو تیسرے فریق سے تصدیق شدہ ہونا چاہیے۔



## 10.1 سائیٹس (کام کی جگہ) پر

1. جب آپ کسی سائٹ (کام کی جگہ) پر پہنچیں، تو اس علاقے کو سیفٹی کونز اور وارننگ ٹیپ لگا کر رکاوٹیں کھڑی کرکے بند کرنا ضروری ہے۔
2. کام کی جگہ (سائٹ) پر گزرنے والی گاڑیوں کے لیے جگہ اور راستے کا مناسب انتظام کیاجانا چاہیے۔
3. اس بات کو یقینی بنائیں کہ کام کے لئے محفوظ علاقے میں خطرے کو ختم کرنے کے لیے متحرک آلات / گاڑیوں، بجلی کی زندہ تاروں اور آلات کے ارد گرد کافی فاصلہ موجود ہو۔

## 10.2 بھاری آلات (کیبل ڈرم اور پی ٹی سی ایل کھمبے، پورٹیبل جنریٹرز) کی لوڈنگ، ان لوڈنگ اور نقل و حمل

ٹھیکیدار کو یقینی بنانا ہوگا کہ۔

1. فائبر کیبل کے کوائلز کو ہینڈل کرتے ہوئے حفاظتی احتیاطی تدابیر اپنانا ضروری ہے تاکہ بوجھ کو محفوظ کیا جا سکے اور میدان کے عملے اور عام عوام کو نقل و حمل کے عمل کے دوران کسی بھی خطرے سے بچایا جا سکے، TR-192 A میں اس سارے عمل کا احاطہ کیا گیا ہے۔
2. کرین / لوڈر / فورک لفٹر کے ذریعے ٹرک پر بھاری اشیاء کی لوڈنگ، ان لوڈنگ اور نقل و حمل کو مکمل طور پر محفوظ ہونا چاہیے تاکہ عملے کے لیے حادثات کے خطرات ختم کئے جا سکیں اور پی ٹی سی ایل گروپ کے اثاثوں کو نقصان سے بچایا جا سکے، اس حوالے سے تفصیلی عمل دستاویز TR-192 A میں بیان کیا گیا ہے۔
3. لوڈنگ اور ان لوڈنگ کی سرگرمی کے دوران ہمیشہ مذکورہ جگہ کو آڑ یا رکاوٹیں لگا کر بند کردیں۔
4. کرین اور ٹرک کو ہموار سطح پر نہیں رکھنا چاہیے۔
5. .صرف رِگر ہی کرین آپریٹر سے بات کرے گا اور ہدایات دے گا۔
6. لوڈنگ اور ان لوڈنگ کشروع کرنے سے پہلے موسمی حالات جیسے بارش، ہوا، یا طوفان کی صورت حال کا جائزہ لینا چاہیے۔
7. یہ یقینی بنائیں کہ کوئی بھی کارکن سامان سے بھرے ٹرک کے پچھلے حصے میں نہ بیٹھے۔
8. بھاری سامان کو ٹرک پر رکھتے ہوئے یقینی بنائیں کہ انہیں رسیوں اور بیلٹس سے محفوظ بنایا گیا ہو۔

## 11.0 یفٹی ٹر یننگ

## 11.1 عملے کی رہنمائی

ٹھیکیدار یہ یقینی بنائے گا کہ اپنے کارکنوں کو تفویض کردہ کام / پروجیکٹ کی شروعات سے پہلے حفاظتی تربیت فراہم کرے، اور اس میں ان مسائل کو شامل کیا جائے جو صحت اور حفاظت کے حوالے سے متعلقہ ہوں۔ کم از کم درج ذیل موضوعات کا احاطہ کیا جانا چاہیے۔

1. سیفٹی پالیسی
2. ذاتی حفاظتی سامان (پی پی ایز)
3. خطرات کی شناخت
4. آگ بجھانے والے آلات کا استعمال
5. ابتدائی طبی امداد
6. کارڈیوپلمونری ریسیسیٹیشن (CPR)




## 11.2 کام کے آغاز کے بعد لازمی حفاظتی تربیت

فٹر اور ان سے اہم فرائض پر مامور عملے کو کام/پروجیکٹ تفویض کرنے سے پہلے دی جانی چاہیے۔ اس CSR، یہ تربیت
ٹھیکیدار کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ اس کا عملہ درج ذیل چیزوں میں تربیت یافتہ ہو۔

1. ذاتی حفاظتی سامان کا درست استعمال
2. برقی حفاظت
   a. لائن کی علیحدگی
   b. کم از کم قریب آنے کا فاصلہ
   c. ٹرانسفارمر کے کھمبے استعمال نہ کیے جائیں
   d. کام شروع کرنے سے پہلے زیر زمین دفن شدہ لائنوں کی شناخت
3. اونچائی پر کام
   a. گرنے سے بچاؤ
   b. فائبر سیڑھی کا استعمال
4. خطرات کی شناخت اور خطرے کا تخمینہ مختص کردہ کام/پروجیکٹ
5. کھمبے کی چوٹی سے بچاؤ
6. ویلڈنگ اور کاٹنے کا کام
7. پاور ٹولز کا استعمال
8. محدود جگہ

## 12.0 اونچائی پر کام

## 12.1 موبائل ٹرانسپورٹ سیڑھی کا محفوظ

ٹھیکیدار کے مجاز کارکن کو روزانہ کی بنیاد پر اونچائی پر کام کے لیے موبائل ٹرانسپورٹ سیڑھی کی جگہ کا تعین کرنا ہوگا۔ موبائل ٹرانسپورٹ سیڑھی کی جگہ کا تعین کرنے کی حدود یہ ہیں

- ڈراپ وائر کی تنصیب۔
- اونچے مقامات کی صفائی۔
- چھت پر نصب پائپوں اور وائرز کی دیکھ بھال اور کام کرنا۔
- فواروں اور ہائیڈرنٹس کے پائپوں پر کام کرنا۔
- درختوں کی کٹائی۔
- دیگر ہارڈویئر کی تنصیب۔



### 12.2.2 چار منظر نامے

1. **پی ٹی سی ایل گروپ کے کھمبے**
   a. کھمبے کی جانچ کریں اور پول ٹیپنگ طریقہ استعمال کریں۔
   b. سیڑھی کو پول کے اوپر اور نیچے ایک رسی سے باندھنا ضروری ہے۔
   c. کام کی مطلوبہ اونچائی پر پہنچنے کے بعد ٹھیکیدار کا کارکن اپنی سامنے کی پوزیشننگ بیلٹ سیڑھی کی چوکی اور کھمبے کے ذریعے باندھ لے۔
2. **صارف کی دیوار**
   a. صارف کی دیوار استعمال کرنے سے گریز کریں، اونچائی پر کام کے لئے "A" قسم کی سیڑھی استعمال کریں جسے کم از کم
   b. دو معاونین نے تھام رکھا ہو یا پھر سیزر لفٹ استعمال کی جائے۔
   BL قسم کی سیڑھی استعمال کرنے کی صورت میں پہلے صارف کی دیوار کی مضبوطی کو اچھی طرح جانچ لیں۔
3. **صارف کا بریکٹ**
   a. صارف کے بریکٹ پر سیڑھی لگانا ممنوع ہے۔
   b. اگر ضروری ہو تو A قسم کی سیڑھی کا استعمال کریں جسے دو مددگاروں کے ذریعہ پکڑا جانا چاہئے یا کینچی لفٹ کا استعمال کریں۔
4. **ٹاورز کی تنصیب اور ختم کرنے کے لیے عمومی حفاظتی تقاضے**
   a. ٹاورز کی تنصیب یا اس کو منہدم کرنے کا کام دن کی روشنی میں کیا جانا چاہیے۔
   b. ہوا کی رفتار 5 میٹر فی سیکنڈ سے کم (18 کلومیٹر فی گھنٹہ سے کم) ہونے پر کام کیا جائے گا۔
   c. کام کے لیے سائٹ پر جانے سے پہلے PTCL گروپ ایچ ایس ای ٹیم کے ساتھ تفصیلی منصوبہ بندی اور طریقہ کار کو حتمی شکل دی جائے گی اور اس کی منظوری لی جائے گی۔
   d. جیسا کہ پہلے ذکر کیا گیا ہے کہ متعلقہ تجربہ کار ٹیم کے ساتھ مناسب مہارت رکھنے والے افراد کو ان سرگرمیوں کو انجام دینے کے لیے شامل کیا جائے گا۔
   e. یقینی بنایا جائے گا کہ ٹھیکیدار کے نمائندے سائٹ پر موجود ہوں تاکہ تنصیب اور توڑ پھوڑ کے عمل کی مناسب نگرانی کی جا سکے۔
   f. منتخب اسٹیکنگ یارڈ یا مقام پر نصب کئے جانے والے آلات اور گائے میسٹ (ٹاور کے کھمبے) کے ٹوٹے حصے کو نصب یا انہیں نکالنے سے قبل نشان زد کیا جائے گا، اور ٹوٹے ہوئے حصوں کو لگانے کے لیے لکڑی کے فریم/تختے استعمال کئے جائیں گے۔
   g. تنصیب اور توڑ پھوڑ کا کام ٹیم کے ارکان ٹھیکیدار کے نمائندوں کی نگرانی میں کریں گے۔
   h. تصدیق کی جائے گی کہ موبائل کرین کے وزن اٹھانے والے بازو کی اونچائی اور قابل قبول محفوظ کام کا وزن نصب اور توڑنے والے ٹاور کی اونچائی سے ہم آہنگ ہیں۔
   i. سائٹ پر، ٹاور کی تنصیب اور توڑ پھوڑ کو محفوظ طور پر انجام دینے کے لیے موبائل کرین کو مضبوط زمین پر مستحکم کریں۔
   j. یقینی بنائیں کہ تحفظ اور سلامتی کے تمام ضروری اقدامات کئے گئے ہیں، جیسے سیڑھی، پلیٹ فارم، انتباہی ٹیپ، سیفٹی کونز، انتباہی نشان، آگ بجھانے والا آلہ، فرسٹ ایڈ کٹ، ناپنے کی ٹیپ اور کیمرا وغیرہ۔
   k. یہ یقینی بنایا جائے کہ تعمیراتی ڈھانچہ ڈھانے کے دوران عملے کی جانب سے ہیلمٹ، حفاظتی جوتے، سیفٹی بیلٹ، سیفٹی ہارنس، دستانے اور چشمے سمیت تمام ذاتی حفاظتی سامان کا استعمال کیا جائے۔
   l. غیر متعلقہ افراد کو کام کی جگہ میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔
   m. صرف مجاز افراد کو ہی میسٹ (ٹاور کے کھمبوں) کی تنصیب اور انہدام کے عمل میں شرکت کی اجازت ہوگی تاکہ کسی بھی حادثے سے بچا جاسکے۔
   n. ٹاور کی تنصیب یا انہدام کے دوران موبائل کرین میں کسی خرابی یا کوئی اور غیر معمولی صورت حال پر کام فوری طور پر روکنے کے لیے مروجہ طریقہ کار اپنایا جائے گا۔
   o. ٹاورز کو منہدم کرنے کے مختلف مراحل کی تصاویر لی جائیں تاکہ انہیں گائیڈ میسٹ کے محفوظ انہدام کے ریکارڈ اور مذکورہ آپریشن کی رپورٹ تیار کی جاسکے۔

## 13.0 ہنگامی صورت حال

تقسیم کاری (ڈسٹری بیوشن) نیٹ ورکس میں دو ہنگامی حالات خاص طور پر موجود ہیں، ایک کھمبے پر پیش آتا ہے یعنی بجلی کا جھٹکا اورآرک فلیش روشنی کا جھماکہ وغیرہ اور دوسرا زمین کی سطح پر جب کوئی واقعہ پیش آتا ہے۔ بس بار کی تنصیب وغیرہ کے دوران کھمبے یا دوسرے ڈھانچے جیسے سب اسٹیشن اور کثیر المنزلہ عمارت کی چھت پر مزدوروں کے زخمی ہونے اور کرنٹ لگنے کے کئی واقعات سامنے آئے ہیں۔ لہذا، ٹھیکیدار کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ ان کے مزدوران حالات میں کارروائی کرنے کے لیے باخبر اور اچھی طرح تربیت یافتہ ہوں۔

لہذا، ٹھیکیدار اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ان کے کارکنوں نے ریسکیو کی مناسب تربیت حاصل کی ہے اور بچاؤ کا سامان دستیاب ہے، مناسب طریقے سے معائنہ اور دیکھ بھال کی گئی ہے۔







## 13.1 کھمبے کی چوٹی پر ریسکیو

اس قسم کی ہنگامی صورت حال میں مندرجہ ذیل اقدامات تجویز کیے جاتے ہیں۔

- کارکنوں کو اس لمحے میں خوفزدہ نہیں ہونا چاہیے۔
- پی ٹی سی ایل گروپ سائٹ سپروائزر کی ہدایات پر عمل کیا جائے۔
- کسی دوسرے شخص کو خطرے میں نہ ڈالیں۔
- کھمبے پر کارکن کو ریسکیو کرنے کے طریقہ کار پر عمل کیا جائے

## صورت حال کا تجزیہ

- متاثرہ شخص کو آواز دیں / پکاریں۔
- جتنا جلدی ممکن ہو ایمرجنسی سروسز کو کال کریں۔
- کھمبے یا اس ڈھانچے (اسٹرکچر) کا جائزہ لیں۔
- چوٹ کی وجہ تلاش کریں۔

## چوٹ سے تحفظ

- خود کو حادثے کا شکار نہ ہونے دیں۔
- تمام ضروری ذاتی حفاظتی سامان موجود ہونا چاہیے۔

## اوپر چڑھی ہوئی حالت میں

- ہینڈ لائن / رسی پکڑ لیں۔
- موبائل ٹرانسپورٹ سیڑھی / سیڑھی کی مدد سے کھمبے پر چڑھ جائیں۔
- متاثرہ فرد کی مدد کے لیے صحیح سمت کا تعین کیا جائے۔
- عموماً ان کی بیلٹ سے تھوڑا نیچے۔
- متاثرہ شخص کو بجلی کی تاروں اور آلات سے دور رکھیں۔



## متاثرہ شخص کی حالت کا اندازہ لگائیں

- متاثرہ شخص سے بات کریں
- اس کی سانسیں چیک کریں
- خون کا بہاؤ چیک کریں
- اس کی جان کے لیے خطرہ بننے والی چوٹ / زخم چیک کریں
- کیا متاثرہ شخص ہوش میں ہے؟
- کیا متاثرہ شخص نیچے اتر سکتا ہے؟

## متاثرہ شخص کو نیچے (زمین پر) لائیں

- جلدی، لیکن محفوظ طریقے سے
- اگر متاثرہ شخص خود نیچے نہیں اتر سکتا تو تقریباً 100 فٹ کے لئے ½ انچ کی ہینڈ لائن استعمال کریں
- رسی کو متاثرہ شخص کے بازوؤں کے گرد لپیٹ دیں۔ یقینی بنائیں کہ بازوؤں کے گرد صحیح طریقے سے باندھی گئی ہے (اگر بازوں کو باندھنے کے لئے رسی دستیاب نہیں تو دیگر دستیاب مناسب بریکٹس بکیٹس / سامان استعمال کیا جائے گا)۔
- متاثرہ شخص کو باندھنے کے لیے ہینڈ لائن کو سینے کے گرد گزاریں اور سینے کے قریب تین آدھی گرہ (نوٹ) باندھیں۔
- متاثرہ شخص کی سیفٹی اسٹریپس کاٹ دیں۔
- متاثرہ کو آہستہ آہستہ زمین پرہموار سطح پر اتاریں۔

## مصنوعی تنفس (CPR) اور ابتدائی طبی امداد دیں

- پھیپھڑوں میں ہوا داخل کریں (اگر ضروری ہو)
- خون کا بہاؤ روکیں (اگر ضروری ہو)

1. سیفٹی ہیلمٹ (اگر ضرورت ہو تو ہیڈ لائٹ کے ساتھ)
2. ربڑ اور چمڑے کے دستانے
3. سیفٹی ہارنس
4. حفاظتی جوتے
5. ہینڈ لائن یا ½ انچ قطر کی رسی 100 فٹ لمبی
6. چاقو / کاٹنے والا کوئی آلہ
7. بانس کی چھڑی (2 میٹر لمبی)
8. فرسٹ ایڈ کٹ

## 13.2 نیچے(زمین)پرایمرجنسی

جب بھی زمین پر کوئی واقعہ پیش آتا ہے تو ٹھیکیدار کا کارکن ابتدائی طبی امداد فراہم کرے گا اور کسی زخمی یا تشویشناک طبی حالت میں مبتلا شخص کی ضروریات کا ابتدائی اندازہ لگانے اور ان کے حل کے لئے کارروائی شروع کرے گا۔ لہذا، فوری اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ اطراف کی جانچ پڑتال کریں

- صورت حال کا اندازہ لگائیں
- کیا وہاں ایسی چیزیں ہیں جو آپ کو نقصان کے خطرے میں ڈال سکتی ہیں؟
- کیا آپ یا متاثرہ شخص آگ، زہریلے دھوئیں یا گیسوں، غیر مستحکم عمارت، زندہ بجلی کے تاروں، یا دیگر خطرناک صورت حال کی وجہ سے خطرے میں ہیں؟
- ایسی صورت حال میں جلد بازی نہ کریں جہاں آپ خود بھی متاثرہ بن سکتے ہیں۔




### مدد کے لئے پکاریں/بلائیں

- گرآپ سمجھتے ہیں کہ کوئی شخص شدید زخمی ہے تو فوراً متعلقہ حکام یا ایمرجنسی سروسز کو کال کریں۔
- اگرآپ ہی اس مقام پر موجود ہیں تو مدد طلب کرنے سے پہلے مریض کی سانس کی حالت کو جانچنے کی کوشش کریں۔
- متاثرہ شخص کو زیادہ دیر تک اکیلا نہ چھوڑیں۔

### متاثرہ شخص کا خیال رکھیں

- کسی ایسے شخص کی دیکھ بھال کرنا جس نے حال ہی میں شدید صدمہ برداشت کیا ہو، اس میں طبی علاج اور جذباتی تعاون دونوں شامل ہیں۔
- یاد رکھیں کہ پرسکون رہیں اور تسلی دینے کی کوشش کریں؛ اس شخص کو بتائیں کہ مدد آرہی ہے اور سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔

### مصنوعی تنفس (سی پی آر) اور ابتدائی طبی امداد دیں


- پھیپھڑوں میں ہوا داخل کریں (اگر ضروری ہو)
- خون کا بہاؤ روکیں (اگر ضروری ہو)















## 13.2.1 ایمرجنسی رسپانس پلان/ہنگامی حالات سے نمٹنے کا منصوبہ

ٹھیکیدار کسی بھی ممکنہ ناگہانی صورت حال سے نمٹنے کے لئے منصوبہ تیار کرے گا۔

## 14.0 مخصوص سرگرمیوں کے لیے حفاظتی گائیڈ لائنز

## 14.1 بجلی

بجلی اگر صحیح طریقے سے استعمال نہ کی جائے تو یہ ایک بڑا خطرہ بن سکتی ہے جو بجلی کے جھٹکے کے ساتھ مہلک نتائج کا باعث بھی بن سکتی ہے۔ 30 ملی ایمپیئر اور 50 وولٹ دل کی دھڑکن رکنے اور نتیجتاً موت کے لیے کافی ہے۔ کاروباری یونٹس کے منصوبے مختلف برقی خطرات سے بھرپور ہوں گے، جن میں بجلی کی لائنوں، پاور ٹرانسفارمرز، سرکٹ بریکرز اور سوئچ گیئر کے ساتھ ممکنہ رابطہ شامل ہے، چاہے وہ ہائی وولٹیج ہو یا کم وولٹیج کا سامان

## 15.0 بجلی سے تحفظ۔ زندگی بچانے والے 6 اقدامات

کارکنوں کو بجلی اور دیگر خطرات سے تحفظ فراہم کرنے کے لیے بجلی سے محفوظ کام کے ماحول کو یقینی بنانے کے لیے درج ذیل سات مراحل پر عمل درآمد کروانا لازمی ہے۔

### سائٹ پر ٹی بی ٹی کریں، مخصوص شناخت کریں۔سائٹ پر خطرات اور کام شروع کرنے سے پہلے مناسب کنٹرول کی نشاندہی کریں۔

:کام شروع کرنے سے پہلے ، سپروائزر/ ٹیم انچارج اس بات کو یقینی بنائے گا کہ

1. جہاں ضروری ہو، یہ یقینی بنایا جائے گا کہ متعلقہ آئیسولیشن/شٹ ڈاؤن کے ساتھ PTW (کام کرنے کی اجازت کا نظام)
2. دستیاب ہو۔
3. کام کی تفصیلات اور سائٹ پر موجود خطرات اوران کے کنٹرول کے بارے میں ٹیم کے اراکین سے بات چیت کرے۔
کام کے لیے استعمال ہونے والے مناسب اوزاراور PPEs کا تعین کرے اور انہیں استعمال سے پہلے اور بعد میں چیک کرے۔

### کام کی مناسبت سے ذاتی حفاظت کا سامان استعمال

مذکورہ کام کو انجام دینے کے لیے آرک کی مناسب درجہ بندی کے ساتھ متعلقہ پی پی ای کا تعین اور استعمال کریں جو کسی بھی ناپسندیدہ واقعے کی صورت میں چوٹ سے بچائے گا ۔
استعمال سے پہلے PPE کی پیشگی جانچ اور ظاہری معائنہ بھی کریں۔

### تمام ذرائع سے بجلی کی سپلائی منقطع کریں

صرف اہل/مجاز افراد تمام آئیسولیشن/سوئچنگ کے عمل کو ضروریات کے مطابق انجام دیں گے اور مناسب ذاتی حفاظتی سامان PPE کا استعمال کرتے ہوئے محفوظ فاصلے سے کام کریں گے۔
توجہ میں خلل سے بچیں اور مکمل توجہ کے ساتھ آئیسولیشن کا عمل انجام دیں۔

### LOTO کا اطلاق

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ الگ کئے گئے بجلی کے ذرائع غیر ارادی طور پر چلا نہ دیئے جائیں، آلات کے مخصوص مقامات پر تالے اور ٹیگ لگائے جائیں گے۔

### بجلی کی فراہمی منقطع کرنے کی تصدیق کریں (چھونے سے پہلے دیکھ بھال لیں)

کام شروع کرنے سے پہلے، یہ ضروری ہے کہ لائیو لائن کے ذریعے بجلی کی عدم موجودگی کی تصدیق کی جائے۔
ٹیسٹر کا استعمال کرتے ہوئے مناسب ذاتی حفاظتی سامان PPE کا استعمال کریں۔
بجلی کی عدم موجودگی کی تصدیق کرتے وقت درج ذیل 3 مراحل پر عمل کرنا چاہیے۔

1. لائیو لائن ٹیسٹر کی فعالیت کا ٹیسٹ کریں۔
2. بجلی کے ذرائع کی عدم موجودگی کا ٹیسٹ کریں۔
3. لائیو لائن ٹیسٹر کی فعالیت کا دوبارہ ٹیسٹ کریں۔

### گراؤنڈ اینڈ شارٹ کا اطلاق

برقی طور پر محفوظ کام کرنے کے لیے آخری مرحلہ یہ ہے کہ بجلی کی فراہمی دوبارہ شروع سے بچنے کے لیے گراؤنڈ اینڈ شارٹ کا اطلاق کریں۔
یہ طریقہ لاگو کرتے وقت پہلے زمین کا تار کسی بھی ماخذ سے جوڑیں اور پھر شارٹس لگائیں، اور جب توڑنے کا عمل کریں تو اس کا الٹا عمل کریں۔



## 15.1 اوپر موجود بجلی کی لائنوں پر کام سے رابطہ (اپنے یا خود سے منسلک کسی چیز کا چھو جانا)

بجلی کی اوپری لائنوں کے ساتھ کسی بھی قسم کا رابطہ بھی ایک سنگین خطرہ ہے کیونکہ ان میں زیادہ وولٹیج کا کرنٹ ہوتا ہے۔ حادثات کی سب سے عام وجوہات ان حالات کے نتیجے میں ہوتی ہیں جہاں اوپری لائن کے ساتھ جسمانی رابطہ قائم ہوتا ہے جیسے کہ۔

- لمبی سلاخ کی ہینڈلنگ
- لمبی سیڑھی کی ہینڈلنگ
- سیڑھی لگی گاڑیاں MTL/کرین/کھدائی کرنے والی اور اسی طرح کی دوسری گاڑیاں چلانا

کارکن کسی بھی توانائی سے چلنے والے کنڈکٹر یا آلات کے قریب کم سے کم فاصلے کے اندر نہیں جائے گا۔

## 15.2 پورٹیبل پاور ٹولز اور عارضی تنصیب

پورٹیبل پاور ٹولز اور عارضی تنصیبات بھی برقی خطرات پیش کر سکتے ہیں۔ جیسے گرائنڈر، ویلڈنگ پلانٹ ، روشنی کا سامان اور جنریٹر وغیرہ کی اگر صحیح طریقے سے تنصیب ، استعمال یا دیکھ بھال نہ کی جائے۔

1. پاور ٹولز اور عارضی تنصیبات معیاری ہونی چاہییے۔
2. کوئی خراب کیبل یا لچک دار تاریں استعمال نہیں کی جا رہی ہیں۔
3. پلگ اور ساکٹ اچھی حالت میں ہیں۔
4. کسی بھی کیبل اور تاروں میں ٹیپ سے جوڑ نہیں لگا۔
5. کسی بھی آلات پر کوئی نظر آنے والے جلنے کے نشانات نہیں ۔
6. تمام آلات کو باقاعدگی سے ایک ماہر شخص کے ذریعہ چیک کیا جاتا ہے اور ریکارڈ رکھا جاتا ہے۔
7. گھومنے والے ٹولز پر حفاظتی گارڈز نصب اور برقرار رکھے گئے ہیں۔

## 15.3 آئیسولیشن (الگ تھلگ کردینا)




آئیسولیشن (الگ کردینا) کارکن کو خطرے سے محفوظ کام کرنے کی جگہ فراہم کرتی ہے تاکہ تمام موجودہ راستوں بشمول کنڈکٹر/کیبل کو الگ کیا جا سکے۔ لہذا، ٹھیکیدار کے سائٹ سپروائزر کو آئیسولیشن کے مرحلے کی تصدیق کرنی چاہیے اور کام شروع کرنے سے پہلے بجلی کی سپلائی کی عدم موجودگی کو یقینی بنانا چاہیے۔ مناسب ذاتی حفاظتی سامان PPEs کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ (لائن مین/فٹر کو اونچائی پر کام کرتے وقت ہارنس بیلٹ، چن اسٹریپ کے ساتھ ہیلمٹ، حفاظتی جوتے، ربڑ اور چمڑے کے دستانے وولٹیج کی ضروریات کے مطابق، یونیفارم پہننا چاہییے اور کام شروع کرنے سے پہلے لائیو لائن ٹیسٹر کا استعمال کرنا چاہیے۔)

## 15.4 زیر زمین کیبل بچھانے کے لیے کھدائی



زیر زمین کیبل بچھانے کے لیے کھدائی کرتے وقت یوٹیلیٹی سروسز اور پاور کیبلز کے خطرات موجود ہوتے ہیں۔ اس لیے دفن شدہ پاور کیبلز کے ساتھ رابطہ ہونے سے بجلی کے جھٹکے کا خطرہ ہوتا ہے۔ کھدائی اور زیر زمین کیبل بچھانے سے پہلے ٹھیکیدار کے سائٹ سپروائزر کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ کام کے علاقے کو سیفٹی کونز اور وارننگ ٹیپ کے ذریعے محفوظ کیا جائے تاکہ عوام کو کسی بھی حادثے سے بچایا جا سکے۔ دستی کراس پٹ کنٹریکٹر کے کارکن کی موجودگی میں PTCL گروپ کے سائٹ سپروائزر کی نگرانی میں انجام دی جانی چاہیے، اور یہ یقینی بنانا چاہیے کہ مناسب PPEs کا استعمال کیا جائے (کھدائی کرنے والے کارکن کو کام کرتے وقت چِن اسٹراپ کے ساتھ ہیلمٹ، حفاظتی جوتے، اور حفاظتی HT ربڑ/چمڑے کے دستانے استعمال کرنے چاہئیں)۔ تفصیلی دستاویز TR-192 A آپٹیکل فائبر کیبل بچھانے کے لیے (براہ راست-ڈکٹنگ) کا حوالہ دیں۔

## 15.5 کیبل جوڑنا

زیر زمین کیبل جوڑنے کے دوران بجلی کے جھٹکے اور جھماکے کا خطرہ ہوتا ہے۔ کیبل جوڑنے سے پہلے، ٹھیکیدار کے سائٹ سپروائزر کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ بجلی کی فراہمی منقطع ہے، جس کے لیے لائیو لائن ٹیسٹر کا استعمال کیا جائے، اور علاقے میں سیفٹی کونز اور وارننگ ٹیپ کے ذریعے رکاوٹیں لگانے کی تصدیق کریں تاکہ کسی بھی حادثے سے بچا جا سکے۔ یہ مناسب PPEs (یونیفارم، ٹھوڑی کی پٹی کے ساتھ ہیلمٹ، حفاظتی جوتے اور حفاظتی ربڑ/چمڑے کے دستانے جو وولٹیج کی درجہ بندی کے مطابق ہوں) کے استعمال کو بھی یقینی بناتا ہے۔

## 15.6 کنویں کی کھدائی کا کام

بورنگ (کنویں کی کھدائی) کے کام کے دوران یوٹیلیٹی سروسز اور پاور کیبلز کے خطرات موجود ہیں۔ اس لیے، زیر زمین پاور کیبلز سے رابطے سے بجلی کا جھٹکا لگنے کا خطرہ ہو سکتا ہے۔ اس لیے بورنگ شروع کرنے سے پہلے ٹھیکیدار کے سائٹ سپروائزر کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ سیفٹی کونز اور وارننگ ٹیپ کے ذریعے کام کے علاقے کے اطراف حفاظتی رکاوٹیں لگا دی جائیں تاکہ عام شہری ممکنہ حادثے بچ جا سکے۔ ٹھیکیدار کے کارکن کی موجودگی میں PTCL گروپ کے سائٹ سپروائزر کی نگرانی میں اس مقام پر دستی ٹریل پٹ انجام دینا چاہیے جو PTCL گروپ کے سپروائزر نے نشان زد کیا ہو اور مناسب PPEs کا استعمال یقینی بنانا چاہیے (بورنگ کا کارکن کام کرتے وقت ہیلمٹ، حفاظتی جوتے، حفاظتی HT ربڑ/چمڑے کے دستانے، اور یونیفارم استعمال کرے)۔ مشین بورنگ کی دو اقسام ہیں۔ جس کی وضاحت ڈائریکٹ ڈکٹ بریڈ کی تفصیلی دستاویز نمبر TR-192 A میں کی گئی ہے۔







## 15.7 پانی پر یا اس کے ملحق کسی جگہ کام

ٹھیکیدار کی طرف سے درج ذیل باتوں کو یقینی بنایا جائے گا

1. ٹھیکیدار ہر کام کی جگہ پر جہاں کام پانی کے اوپر یا قریب کیا جا رہا ہو، زندگی بچانے اور بچاؤ کا مناسب سامان فراہم کرے گا۔
2. ٹھیکیدار کے عملے کو پانی والی جگہ پانی کے اوپر کام کرتے وقت لائف جیکٹ پہننے چاہئیں۔ گرنے کے خطرے سے بچنے کے لیے ہمیشہ 100 فیصد باندھنے والی دُہری لین یارڈ کے ساتھ مکمل جسم کا ہارنس استعمال کیا جائے گا۔
3. کنٹریکٹر یہ یقینی بنائے گا کہ پانی میں گرنے والے کارکنوں کو آسانی اور تیزی سے بچایا جا سکے اور/یا انہیں کنارے پر لایا جا سکے۔

## 16.0 ہاتھوں سے سامان اٹھانا

جب ٹھیکیدار کا عملہ اوزار اور سامان کو ٹھیکیدار کے دفتر سے سائٹ پر یا اپنے ہاتھوں میں لاتا یا واپس لے جاتا ہے تو اس کے نتیجے میں اس کو پٹھوں اور کمر کی چوٹیں آسکتی ہیں۔ اس لئے ضروری ہے کہ ٹھیکیدار دستی ہینڈلنگ کے نتیجے میں کسی بھی خطرے کی نشاندہی کرے اور انہیں ختم یا کم کرنے کے لیے ہر سرگرمی سے وابستہ خطرات کا جائزہ لے۔ ٹھیکیدار کو ضرورت کے وقت دستی ہینڈلنگ کے آلات فراہم کرنے ہوں گے، جیسے کہ ٹرالی۔ توقع کی جاتی ہے کہ کاموں کو انجام دینے کے دوران دستی ہینڈلنگ کی درست تکنیکس (طریقہ کار) استعمال کی جائیں گی۔

- کام
- بوجھ
- کام کا ماحول
- افراد کی جسمانی صلاحیتیں
- نقل و حمل کی تکنیک







## 17.0 آپٹیکل فائبر کیبل کی تنصیب

کھمبے پر کام شروع کرنے سے پہلے ٹھیکیدار کے سائٹ سپروائزر کو کھمبے کا معائنہ کرنا چاہیے۔ آپٹیکل فائبر کیبل OFC کی تنصیب کے دوران ہوا میں نیٹ ورک پر کام کرتے وقت اونچائی سے گرنے اور بجلی کے جھٹکے کا خطرہ ہوتا ہے۔ ٹھیکیدار کا سائٹ سپروائزر یہ یقینی بنائے کہ کارکن مکمل باڈی ہارنس، لین یارڈ اور سامنے کی جانب سے سیفٹی بیلٹ لگائیں، جو اونچائی پر کام کرتے وقت گرنے کے خطرے سے تحفظ فراہم کرتی ہے۔ وہ قریبی سر کے اوپر گزرتی لائنوں کے لیے لائیو لائن ٹیسٹر کے ذریعے بجلی کی عدم موجودگی کی جانچ بھی کرتا ہے تاکہ بجلی کے جھٹکے سے بچا جا سکے۔ کسی بھی حادثے سے بچنے کے لیے سیفٹی کونز اور وارننگ ٹیپ کے ذریعے اس جگہ رکاوٹیں لگانے کو یقینی بناتا ہے۔ وہ مناسب پی پی ای (یونیفارم، چن اسٹرپ کے ساتھ ہیلمٹ، حفاظتی جوتے اور حفاظتی ربڑ/چمڑے کے دستانے) کے استعمال کو یقینی بناتا ہے۔ فضا میں کیبل بچھانے کے لئے تفصیلی دستاویز TR-192B جب کہ فضا اور زیر زمین نیٹ ورک کے لئے HSE ہدایت نمبر 9 کا حوالہ دیں۔

## 18.0 سامان کا ذخیرہ

سامان کو مناسب طریقے سے ذخیرہ (اسٹور) کرنا اور صفائی ستھرائی کے کام اور آپریشن کو متوازن رکھنے کے لیے ضروری ہیں۔ نامناسب انداز میں سامان رکھنے اور صفائی ستھرائی نہ ہونے سے کارکنوں کو چوٹ لگنے کا احتمال رہتا ہے۔ اس کے علاوہ سامان کی خرابی اور اسے نقصان پہنچنے کا بھی خدشہ ہوتا ہے۔ سامان کا ذخیرہ کم سے کم رکھنا چاہیے تاکہ کسی بھی کارکن اور دوسرے افراد کے لیے خطرہ نہ بڑھ سکے۔ لہذا، ٹھیکیدار کو یہ یقینی بنانا چاہیے۔

1. تمام ڈھیر لگے ہوئے بوجھ کو صحیح طریقے سے ترتیب دینا اور جہاں ممکن ہو، ایک دوسرے کے اوپر رکھنا چاہیے۔
2. سامان کا ڈھیر لگاتے اور ذخیرہ کرتے وقت احتیاط برتی جانی چاہیے۔
3. جمع کئے گئے سامان سے خطرہ پیدا نہیں ہونا چاہیے۔
4. ذخیرہ کرنے کے مقامات میں سامان ایسے رکھا جائے کہ ٹھوکر لگنے کا باعث نہ بنے۔
5. تمام مواد کو اس طرح ڈھیر لگانا، ریک پر رکھنا، بلاک کرنا، ایک دوسرے کے ساتھ باندھنا، یا کسی اور طریقے سے محفوظ کرنا چاہیے تاکہ یہ پھسلنے، گرنے، یا منہدم ہونے سے بچ سکے۔
6. تھیلوں اور گٹھڑیوں کو محفوظ رکھنے کے لیے انہیں ایک دوسرے کے ساتھ جوڑ کر قطاروں میں لگانا چاہیے۔
7. سامان کو صحیح طریقے سے نشان زد کیا جانا چاہیے، اور مناسب نشانات موجود ہونے چاہئیں۔

## 19.0 ذاتی حفاظت کا سامان

ذاتی حفاظتی سامان PPEs خطرے کی صورت میں شدت کو کم کرنے کے لیے اس وقت آخری دفاعی لائن کے طور پر استعمال ہوتا ہے جب اسے مزید کنٹرول یا کم نہیں کیا جا سکتا۔

## 19.1 ذاتی حفاظت کا سامان

- سر کی حفاظت
- پیروں کی حفاظت
- چہرے کی حفاظت
- ہاتھوں کی حفاظت
- گرنے سے بچاؤ کا سامان
- بجلی کے جھٹکے سے بچاؤ

ٹھیکیدار کو PTCL گروپ کی پی ای کی تمام پالیسی اور گائیڈ لائنز پر عمل کرنا ہوگا۔

ٹھیکیدار کو PTCL گروپ کے معیار اور ضوابط کی پابندی کرنی ہوگی اور اپنے کارکنوں کے لیے مناسب ذاتی حفاظتی سامان PPEs کی دستیابی کو یقینی بنانا ہوگا جب وہ اپنا کام انجام دے رہے ہوں۔ یہ ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہے کہ وہ یہ یقینی بنائے کہ ان کے کارکن مناسب ذاتی حفاظتی سامان PPEs استعمال کر رہے ہیں تاکہ کسی بھی واقعے اور ان کی حفاظت اور صحت کے خطرے کے امکانات سے بچا جا سکے۔ ذاتی حفاظتی سامان PPEs کے بغیر نہ تو سائٹ پر کام کرنے کی اجازت ہوگی اور نہ ہی بجلی کے کھمبوں پر۔ جیسا کہ ہوا اور زیر زمین نیٹ ورک پر کام سے متعلق ہدایت نمبر 9 میں بتایا گیا ہے۔

### 19.1.1 سر کی حفاظت

سر کی حفاظت تمام سائیٹس پر لازمی ہے اور سائٹس سائیٹس پرموجود تمام لوگوں کے لئے اس کا استعمال لازم ہے ۔ سیفٹی ہیلمٹس کو خراب ہونے پر یا مینوفیکچرر کی تجویز کردہ مناسب وقت پر تبدیل کیا جانا چاہیے ۔





### 19.2.2 پاؤں کی حفاظت



سائیٹ پر تمام لوگوں کو حفاظتی جوتے فراہم کیے جائیں گے اور سب کے لئے انہیں پہننا لازمی ہوگا۔ یہ ٹخنے اور تلوؤں کی طرف سے مضبوط ہونے چاہییں۔ یہ حفاظتی اقدام نہ کرنے والے کو سائٹ سے باہر نکال دیا جائے گا۔

### 19.2.3 ہاتھ کی حفاظت



کام کے دوران مخصوص دستانے ٹھیکیدار کے عملے کو متعدد خطرات سے محفوظ رکھتے ہیں۔ جس میں کٹنے اور خراشوں کے علاوہ کیمیائی مادوں کی ہینڈلنگ کے وقت اس کے اثرات سے بچاؤ بھی شامل ہے۔ جب کہ ربڑ اور چمڑے کے دستانے بجلی کے جھٹکے اور آرک فلیش (بجلی کے جھماکے) سے ایک حد تک تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ ان کو اس وولٹیج کے مطابق ہونا چاہیے جس میں وہ کام کر رہے ہیں، جیسا کہ HT (کلاس 2) یا LT (کلاس 0)۔

### 19.2.4 گرنے سے بچاؤ



یہ نظام کارکنوں کو اونچائی پر کام کرتے وقت گرنے اور چوٹ یا جان لیوا حادثے سے بچاتا ہے۔ پورے جسم کا ہارنس جس میں لین یارڈ اور سامنے کی پوزیشننگ بیلٹ شامل ہے، اونچائی پر کام کرتے وقت گرنے کے خطرے سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔

## 20.0 اطلاع دینا



تفویض کردہ کام/پروجیکٹ پر کام کے دوران ٹھیکیدار کے عملے پر لازم ہے کہ وہ تمام ممکنہ خطرات اور واقعات کو فوری طور پر پی ٹی سی ایل گروپ کے سائٹ سپروائزر کو رپورٹ کریں۔ ٹھیکیدار سپروائزر کو اپنے پاس ریکارڈ مرتب کرنا اور اسے حسب ضرورت فراہم کرنا چاہیے۔





## 20.1 ایچ ایس ای واٹس ایپ ہاٹ لائن




کارپوریٹ ایچ ایس ای کا سنگین ایچ ایس ای خلاف ورزیوں اور واقعات کی رپورٹنگ کے لیے واٹس ایپ ہاٹ لائن موجود ہے، ہاٹ لائن کا نمبر **+921111334473** ہے اور رپورٹنگ کی سہولت دن کے 24 گھنٹے اور ہفتے کے ساتوں دن دستیاب ہے۔

## 21.0 آگ سے بچاؤ

ٹھیکیدار یہ یقینی بنائے گا کہ ان کی گاڑی میں ایک مناسب آگ بجھانے والا آلہ **CO2/DCP** موجود ہو اور ٹھیکیدار کے ملازم اس کے استعمال سے آگاہ ہوں، اور یہ کام کی جگہ میں قابل رسائی مقام پر رکھا جائے۔

## 22.0 حفاظتی اقدامات پر انعام اور سرزنش

پی ٹی سی ایل گروپ کی موجودہ صلاحیت کے مطابق ٹھیکیدار کو حفاظتی اقدامات پر انعام سے نوازا یا سرزنش کی جائے گی۔

## ضمیمہ جات

## 23.0 ضمیمہ اے

### خطرے کی تشخیص/جانچ (نمونہ)

ptcl | ufone

**Annexure A- Risk Assessment- Form**

Doc #:
Rev: 0.0

Assessor:
Assessment Date:

P: Probability
S: Severity
*RR: Risk Rating
**RR: Residual Risk

| # | Hazards | Risks | Who, How | Risk Rating | | | Control Measures | Residual Risk | | | Review Date |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | P | S | *RR | | P | S | **RR | |
| 1 | | | | | | | | | | | |
| 2 | | | | | | | | | | | |
| 3 | | | | | | | | | | | |
| 4 | | | | | | | | | | | |
| 5 | | | | | | | | | | | |
| 6 | | | | | | | | | | | |



# 24.0 ضمیمہ سی

## 24.1 ٹول باکس میٹنگ کے ممکنہ موضوعات

## 24.2 کام کی جگہ در پیش خطرات/خطرات کی تشخیص

- کام کے دوران ممکنہ خطرات کی شناخت کریں، مثلاً
- ہائی وولٹیج
- لو وولٹیج
- آئیسولیشن (تاریں الگ کرنا) اور جانچ کی ضرورت
- پھسلن
- گرم جگہیں
- ٹھنڈے مقامات
- تنگ جگہ
- حفاظتی رکاوٹیں جو ہٹانی ضروری ہیں
- رکاوٹ زدہ راستے
- اونچائی پر کام کرنا / سر کی اونچائی کی رکاوٹیں
- محفوظ طریقے سے باندھے گئے گیس کے سلنڈر
- بجلی کے کیبلز اور ہوزز کی جگہ
- ویلڈنگ سے بالائے بنفشی (الٹرا وائلٹ) شعاعیں
- کرین/فورک لفٹ کی کارروائیاں
- کیمیائی مادوں کی نقل و حرکت / منتقلی

ہاتھ سے سامان کی منتقلی مثلاً

- اٹھائے جانے والے اشیاء کا وزن
- حرکت کا راستہ
- اشیاء کا سائز/شکل
- ابتدائی/آخری مقام تک رسائی

- روشنی
- خطرناک مادے (مثلاً، اسبیسٹوس)
- تابکاری کے ذرائع
- بجلی کی تنصیبات
- زیر زمین بجلی / زندہ نظام
- اونچائی پر کام کرنا - متعلقہ ذاتی حفاظتی سامان کا استعمال

## 24.3 رابطوں کے ذرائع قائم کرنے کی ضرورت

ٹھیکیدار اور پی ٹی سی ایل گروپ کے درمیان واضح رابطہ ہونا چاہیے جس میں انجام دی جانے والی سرگرمیوں کے بارے میں معلومات شامل ہوں، جیسے کہ آئیسولیشن، ذاتی حفاظتی سامان، اوزار، گاڑی، ایم ٹی ایل سیڑھی، بی ایل کا استعمال وغیرہ۔

### ہوا کے اثرات

- کرین سے کیا جانے والا کام (لادا گیا سامان جھول جانا)
- گرد و غبار (آنکھیں متاثر ہونے کے خدشات)

### درجہ حرارت (گرمی) کے اثرات

- جسم سے پسینے کی صورت میں پانی کا اخراج (ہیٹ اسٹروک)
- بالائے بنفشی (الٹرا وائلٹ) شعاعیں
- سورج سے جلد پر جلن (براہ راست اور فولاد کی سطحوں اور پانی سے منعکس شعاعیں)

### بارش کے اثرات

- برقی خطرات (ویلڈنگ، توسیعی تاریں، پورٹیبل برقی آلات، اوپر کی لائنیں، زیر زمین فعال لائنیں، وغیرہ)
- پھسلنے والی کام کی سطحیں
- خراب سڑکیں

## 24.5 ہنگامی صورت حال میں اتفاق رائے

- رابطے ٹوٹ (منقطع ہو) جانا
- بجلی کا تعطل
- عمومی ہنگامی صورت حال
- حادثات
- ایم ٹی ایل کی خرابی
- اوپر موجود بجلی کی تار ٹوٹنا

| Sr # | نام | استعمال | تصویر |
|---|---|---|---|
| 1 | وردی | سائٹ پر موجود تمام فیلڈ اسٹاف کے لیے |  |
| 2 | سامنے کی حفاظتی بیلٹ اور لانیارڈ کے ساتھ فل باڈی ہارنیس | اونچائی پر کام کے لیے |  |
| 3 | ٹھوڑی کی پٹی کے ساتھ حفاظتی ہیلمیٹ | سائٹ پر موجود تمام فیلڈ اسٹاف کے لیے |  |
| 4 | چہرے کی ڈھال | درج ذیل سرگرمیوں میں استعمال کے لیے<br>آئی پی سی کنکشن<br>میٹرنگ کا کام<br>ڈی بی کنکشن ویلڈنگ |  |



| Sr # | نام | استعمال | تصویر |
|---|---|---|---|
| 5 | حفاظتی جوتے | تمام فیلڈ سٹاف کے لیے |  |
| 6 | حفاظتی دستانے (ربڑ اور چمڑا) | نیٹ ورک کے تمام کاموں کے لیے (یعنی کیبل ڈالنا، ختم کرنا) ربڑ کے دستانے معیاری ربڑ سے بنے ہیں۔ یہ ربڑ کے دستانے آپ کے ہاتھ کو نقصان دہ مواد سے بچاتے ہیں جو جلد کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ چمڑے کے دستانے چنگاریوں اور اعتدال پسند گرمی کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ چمڑے کے دستانے پہن کر کٹوتی اور کھرچنے کے خطرے کو بھی کم کیا جا سکتا ہے۔ |  |
| 7 | کام کرنے والے دستانے | مواد کو سنبھالنے کے لئے<br>ختم شدہ کنڈکٹر کو سنبھالنے کے لئے |  |
| 8 | انتباہی ٹیپ اور شنک | پالیسی کے مطابق تمام سرگرمیوں کے لیے کام کرنے کے علاقے میں بیریکیڈنگ |  |

# 25.0 ضمیمہ ایف

سیڑھی معائنہ چیک لسٹ MTL روزانہ

معائنہ کی تاریخ　　[illegible]

| سیریل نمبر | معائنہ (چیک کی جانے والی اشیاء) | مشاہدہ | | | مسترد کرنے کا معیار |
|---|---|---|---|---|---|
| | | [illegible] | مرمت کی ضرورت ہے۔ | | |
| | | | [illegible] | خطرہ | |
| 1 | سیڑھی کی رول rope<br>• سیڑھی کھینچنے کے لیے استعمال ہونے والی تار کی رسی کی حالت کو ضرور چیک کرنا چاہیے۔ | | | اعلی | • اگر تار کی رسی کی بلٹ خراب/ ٹوٹی ہوئی ہے۔ |
| 2 | تیل سپورٹنگ بریکٹ کو موڑ رہی ہے<br>• سپورٹنگ بریکٹ کی شکل خراب یا ختم نہیں ہونی چاہیے۔ | | | اعلی | • سپورٹنگ بریکٹ بگڑا ہوا/ ٹوٹا ہوا ہے |
| 3 | تیل رولرس کو موڑ رہے<br>[illegible] تیل رولرس کو رول کرنے کے لیے آزاد ہونا چاہیے۔ | | | کم | • رولر جام/ نقصان پہنچا/ غائب |
| 4 | سیڑھی ہوئیسٹنگ لاک<br>• سیڑھی کے جھولے کا تالا بغیر کسی مرمت کے ہونا چاہیے (بغیر خراشت/ ویلڈنگ کے)<br>• بڑھنے ہوئے سوراخ بغیر کسی مرمت کے ہونا چاہیے۔ | | | اعلی | • سیڑھی کے جھولے کے تالا کو مرمت/ خراب کر دیا گیا ہے۔<br>• بڑھتے ہوئے سوراخ بگڑے/ ٹوٹے ہوئے ہیں۔ |
| 5 | آرام میں سیڑھی لاک<br>کھلی سیڑھی کے تالا، تالا پیڈل ٹوٹی/ کام نہ کرنے کی فعالیت کو چیک کریں۔ | | | کم | |
| 6 | سلائیڈنگ سیڑھی لاکنگ<br>• [illegible] بکڑنا چاہیے۔<br>• تالا لگانے والے کنویں کی اٹھی ہوئی سیڑھی کے [illegible] | | | اعلی | • [illegible] بکڑ نہیں ہیں۔<br>• اٹھی ہوئی نیچے کی حرکت میں [illegible] |
| 7 | سلائیڈنگ بریکٹ اور ریل<br>• سلائیڈنگ بریکٹ کا ریل کے ساتھ مثبت رابطہ ہونا چاہیے اور اسے دونوں طرف ریل کی نصف سے زیادہ چوڑائی کا احاطہ کرنا چاہیے۔<br>• فکسڈ اور سلائیڈنگ سیڑھی میں [illegible] بریکٹ کا رابطہ ایریا دونوں طرف ریل کی چوڑائی کے نصف سے کم نہیں ہونا چاہیے۔<br>• سلائیڈنگ بریکٹ کو سیڑھی پر محفوظ طریقے سے نصب کیا جانا چاہیے اور ڈھیلا نہیں ہونا چاہیے۔<br>• ریل کو جھکنا نہیں ہونا چاہیے اور سائیڈ وال کے ساتھ 90 پر ہونا چاہیے۔ | | | اعلی | • رابطہ علاقہ ریل کی چوڑائی کے نصف سے بھی کم ہے۔<br>• اگر سلائیڈنگ بریکٹ کا رابطہ ایریا ہے [illegible] ریل کی چوڑائی کے نصف سے بھی کم ہے۔<br>• اگر سلائیڈنگ بریکٹ ڈھیلی ہیں۔<br>• اگر ریل جھکتا ہوا ہے یا سائیڈ وال کے ساتھ 90° پر نہیں ہے۔ |
| 8 | سیڑھی گیئر باکس<br>• سیڑھی کے گیئر باکس کی حالت چیک کریں۔ اگر گیئر باکس جسم پر دراڑیں دکھاتا ہے یا سیکنڈری اور پرائمری گیئر سیڑھی میں پھسل رہے ہیں تو سیڑھی کو نہیں چلایا جانا چاہیے۔ | | | درمیانہ | • گیئر باکس پر کریک<br>• پرائمری اور سیکنڈری گیئر ختم ہو گئے ہیں<br>• گیئر باکس کے بیرونی جسم کے پیچ غائب ہیں۔ |
| 9 | گیئر شافٹ اور بیئرنگ بلاک<br>• گیئر شافٹ اور فکسڈ سیڑھی جوڑنے والی بریکٹ اچھی حالت میں ہوں۔<br>• گیئر راڈ کے بیئرنگ بلاکس کو نقصانات کے لیے چیک کیا جانا چاہیے۔ | | | درمیانہ | • گیئر شافٹ اور فکسڈ سیڑھی میں دراڑیں یا ٹوٹی ہوئی ویلڈنگ سیون ہیں۔<br>• بیئرنگ بلاکس کے بیرونی جسم پر دراڑیں ہیں۔ |
| 10 | اینٹی فلنگ بریکٹ<br>• اینٹی فلنگ بریکٹ نصب (ہر طرف کم از کم ایک) | | | اعلی | • اگر اینٹی فلنگ بریکٹ غائب ہے۔ |
| | • اینٹی فلنگ بریکٹ کو بولٹ کے ساتھ مناسب طریقے سے سخت کیا جانا چاہیے۔ | | | کم | |